آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کے
والدین کریمین
مدینہ فاؤنڈیشن پاکستان

آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

فہرست

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

خاندان قریش کے باہمی رشتے

سیدنا عبد مناف کے بیٹوں میں سے تین بیٹوں کے نام یہ ہیں۔

1۔وہیب بن عبد مناف 2۔وہب بن عبد مناف 3۔ھاشم بن عبد مناف

1۔وہیب بن عبد مناف کی بیٹی کا نام ہے۔ھالہ بنت اھیب جو کہ حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ کی زوجہ محترمہ اور سید الشہداء حضرت سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ اور سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کی والدہ ماجدہ ہیں۔

2۔وہب بن عبد مناف کی بیٹی کا نام ہے۔حضرت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا جو کہ حضرت سیدنا عبد اللہ علیہ السلام کی زوجہ محترمہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ ہیں۔

3۔ھاشم بن عبد مناف جو کہ حضرت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کے چچا اور حضرت سیدنا عبد اللہ علیہ السلام کے دادا جان ہیں۔

اس طرح حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ کی شادی چچا کی بیٹی سے ہوئی۔اور حضرت سیدنا عبد اللہ علیہ السلام کی شادی دادے کی بھتیجی سے ہوئی۔

نوٹ:

حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ کے دادا اور سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ کی زوجہ محترمہ کے دادا اور حضرت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کے دادا اور حضرت سیدنا عبد اللہ علیہ السلام کے پر دادا ایک ہی ہیں جن کا نام عبد مناف ہے۔اس طرح ان سب نفوس قدسیہ کی شادیاں ایک ہی خاندان میں ہوئیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والدین کریمین علیہما السلام

آج 12۔ربیع الاوّل شریف 1418ھ کے موقع پر سرکاردو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والدین کریمین علیہما السلام کی شانِ اقدس میں مختصر لکھنے کی سعادت حاصل کررہا ہوں اوراس عظیم الشان موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ عالیہ میں ڈرتے ڈرتے اس کتاب کو بطور تحفہ پیش کرنے کی سعادت حاصل کررہا ہوں۔

اور یہ دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے حضور یہ سعادت، سرکاردو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والدین کریمین علیہما السلام کے صدقے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ میں قبول ومنظور ہو۔آمین

Madina Foundation

مدینہ فاؤنڈیشن پاکستان

حضور سرورِ کونین ﷺ

کے والدین کریمین کا سلسلہ نسب

حضور سیدِ عالم ﷺ کی والدہ ماجدہ سلام اللہ علیہا کا سلسلہ نسب چوتھے سلسلہ پر جا کر حضور سید عالم ﷺ کے والد گرامی علیہ السلام سے جا ملتا ہے۔

والد گرامی عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب

والدہ ماجدہ آمنہ بنت وہب بن عبد مناف بن زہرہ بن کلاب

احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ

حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام حضرت سیدۃ آمنہ سلام اللہ علیہا

حضرت عبدالمطلب حضرت وہب

حضرت ہاشم حضرت عبد مناف

حضرت عبد مناف حضرت زہرہ

حضرت قصی

حضرت کلاب

دونوں سلسلہ نسب ''کلاب'' پر جا ملتے ہیں اور ''کلاب'' کا سلسلہ نسب آگے سیدنا ابراہیم علیہ السلام سے جا ملتا ہے۔

مندرجہ بالا سلسلہ نسب میں حضور سید عالم ﷺ کے تیسرے دادا جان حضرت عبد مناف اور شخص ہیں اور آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ سلام اللہ علیہا کے دادا جان عبد مناف اور شخص ہیں۔

منقبت سیدنا عبداللہ علیہ السلام (والد کریم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

آپ علیہ السلام عالی نسب، پارسا، باصفا
انتخاب خداوند جُودُ و سخا
مہ جبیں، دلنشیں، خوش ادا، خُوش لقا
آپ علیہ السلام اشراف عالم کے ہیں پیشوا
آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آپ علیہ السلام سخیوں کے داتا ہیں شاہوں کے شاہ
آپ علیہ السلام ذی قدر، ذی جاہ، عالم پناہ
آپ علیہ السلام کی عظمتوں پر زمانے گواہ
آپ علیہ السلام کی رفعتیں ہیں بیاں سے ورا
آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نور احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جبیں میں جو تھا ضوفشاں
بھیجتے تھے سلام آپ پر بے گماں
کوہ، اشجار، چشمے، زمیں آسماں
آپ علیہ السلام کی عظمتوں پر جہاں ہے فدا
آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہاشمی بوستاں کے گُلِ سَرسَبَد
ناز پرور، حَسیں، پاک دِل، سروقد
جان اہل کمال و جمال و خِرد
صاحب منزلت، بے خطر، بے ریا
آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آپ علیہ السلام دوجگ کی آنکھوں کا تارا بنے
آپ علیہ السلام ہر خیر و خوبی میں یکتا رہے
آپ علیہ السلام کی جاں پہ سو اونٹ قرباں ہوئے
آپ علیہ السلام کا بول بالا رہے گا سدا
آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اپنے نُورِ نظر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور اے شہا
کیجیے پُر خطا کی سفارش ذرا
انور بے نوا پر اک نگاہ عطا
اور بالا کرے رتبہ حق آپ علیہ السلام کا
آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کلام: علامہ صائم چشتی

منقبت حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام

جنابِ عبداللہ علیہ السلام ہیں والد شاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
جنابِ عبداللہ علیہ السلام جانِ جاں ہیں شاہِ رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے

جنابِ عبداللہ علیہ السلام کا چاند ہے دولھا شفاعت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا
جنابِ عبداللہ علیہ السلام کے ہاتھ میں ہے کنجی جنت کی

دیا ہے عبداللہ علیہ السلام نے امن کا سلطان عالم کو
امین تھے آپ علیہ السلام ربِ عالم کی امانت کے

والد گرامی

حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام بن عبدالمطلب

بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد گرامی کا اسمِ ناز سیدنا عبداللہ علیہ السلام اور ان کی کنیت ابومحمد اور لقب ذبیح تھا۔ بعض سیرت نگاروں کا کہنا ہے کہ آپ کا اصل نام عبدالدار تھا۔ جب حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے آپ کے بدلے اونٹ بطور فدیہ دیئے تو اس وقت فرمایا تھا یہ عبداللہ ہیں چنانچہ اس کے بعد آپ علیہ السلام عبداللہ کے نام سے مشہور ہو گئے۔ (سیرت ابن ہشام ج 1 ص 186)

ولادت

سیدنا عبداللہ علیہ السلام کی ولادت باسعادت 554ء 44 جلوسی نوشیروانی میں مکہ مکرمہ میں ہوئی۔ (دائرہ معارف اسلامیہ ج 12 ص 796)

حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے سب سے چھوٹے اور پیارے بیٹے تھے۔ آپ دوسرے بھائیوں سے حسن و جمال کے لحاظ سے لاثانی تھے۔ ایک دفعہ حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے نذر مانی کہ اگر میں اپنے دس بچوں کو اپنی زندگی میں پروان چڑھتے دیکھوں تو ایک کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ذبح کردوں گا، چنانچہ آپ کے دس بیٹے جوان ہوئے اب اپنی نذر کے ایفاء کا وقت آچکا ہے اپنی نذر کے سلسلہ میں تمام لڑکوں کو جمع کرکے آگاہ کیا۔ تمام نے وہی جواب دیا جو حضرت سیدنا اسماعیل علیہ السلام نے حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کو دیا تھا۔ تمام نے رضائے الٰہی کیلئے ذبح ہونے کیلئے لبیک کہا۔ حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے ذبح کے مسئلہ کو قرعہ اندازی کے ذریعے حل کرنے کی کوشش کی اور انہوں نے سو اونٹ ذبح کردیئے۔ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ص 24)

اسی تاریخی نذر کی وجہ سے حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کا لقب ذبیح رکھا

گیا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَنَا ابْنُ الذَّبِیْحَیْنِ میں دو ذبیحوں (حضرت اسماعیل علیہ السلام و حضرت عبد اللہ علیہ السلام) کا بیٹا ہوں۔ (دلائل النبوۃ ج1 ص100)

حضرت عبد اللہ علیہ السلام کا حسن و جمال

حضرت سیدنا عبد اللہ علیہ السلام حسن و جمال کے پیکر، سیرت و صورت کے لحاظ سے تمام لوگوں سے حسین تر تھے۔ یہاں تک کہ حضرت سیدنا عبد اللہ علیہ السلام لوگوں کے درمیان سے گزرتے تو لوگ آپ کی پیشانی میں چمکتا ہوا نور دیکھتے۔ جس کی وجہ سے اہل مکہ نے آپ علیہ السلام کا نام ''مصباحُ الحرم'' ''حرم کا چراغ'' رکھا ہوا تھا۔ قریش کی عورتیں آپ کا بہت احترام کرتی تھیں اور آپ کو دل و جان سے چاہتی تھیں۔ اسی وجہ سے بارہا کئی عورتوں نے آپ کو وصال کی دعوت دی، لیکن اللہ تعالیٰ نے آپ کو عفت و پاک دامنی کے پردے میں محفوظ فرما دیا تھا۔ اہل کتاب (یہود وغیرہ) آپ کی پشتِ انور میں نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور کے آثار دیکھتے تو حسد و عداوت سے کام لیتے۔ بعض اوقات آپ علیہ السلام کو شہید کرنے کے قصد سے مکہ مکرمہ کے راستوں میں عجیب و غریب آثار دیکھ کر نا اُمیدی کی حالت میں واپس لوٹ جاتے۔ (مدارج النبوت ج2 ص12)

حضرت سیدنا عبد اللہ علیہ السلام حفاظتِ الٰہی میں

حضرت سیدنا عبد اللہ علیہ السلام کو طرح طرح کے عجیب و غریب خواب بھی آیا کرتے تھے، چنانچہ آپ علیہ السلام نے ایک رات پریشان کن خواب دیکھا اور اس سے گھبرا کر اپنے والد ماجد حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ کے پاس گئے۔ حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے جب چہرے پر پریشانی کے آثار دیکھے تو فرمایا اے میرے

پیارے بیٹے! تم گھبرائے ہوئے کیوں ہو؟ اللہ تعالیٰ تمہیں پریشانی اور مصیبت سے محفوظ رکھے گا جو تم نے خواب دیکھا ہے اس بارے میں مجھے مطلع کیجئے۔

چنانچہ آپ علیہ السلام نے اپنے خواب کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے کہا۔ اے میرے باپ میں نے خواب میں یہودیوں کی ایک جماعت کو دیکھا کہ ان کے ہاتھوں میں تلواریں ہیں اور وہ یہودی بندروں کی شکل میں ہیں، گویا اپنے گھٹنوں پر جھکے ہوئے ہیں۔ وہ اپنی تلواروں کو حرکت دیتے ہوئے میری طرف اشارہ کرتے ہیں۔ جب میں ان کو ایسی کیفیت میں دیکھتا ہوں تو میں ہوا میں بلند ہوتا ہوں۔ میں بلندی کی حالت میں تھا کہ اچانک آگ کا نزول ہوتا ہے اور میں آگ دیکھ کر خوفزدہ ہوجاتا ہوں۔ وہ آگ ان بندروں پر گرتی ہے اور ان کو جلا دیتی ہے۔

حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے فرمایا! اے میرے پیارے بیٹے! تمہیں خوفزدہ نہیں ہونا چاہیے، کیونکہ اللہ تعالیٰ تم کو ہر بُرائی سے بچائے گا اور لوگ اس نور کے سبب تجھ سے حسد کرتے ہیں، جو اللہ تعالیٰ نے تمہاری پیشانی میں بطور امانت رکھا ہے۔ فرمایا اے میرے پیارے بیٹے خدا کی قسم! اگر تمام زمین والے لوگ جمع ہو کر بھی اس نور کو ختم کرنے کی کوشش کریں، تو ختم نہیں کرسکیں گے، کیونکہ یہ نور اللہ تعالیٰ کی طرف سے تیرے پاس امانت رکھا گیا ہے۔ (کتاب الانوار، مصباح السرور والافکار ص 35)

حضرت سیدنا عبداللہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما

حضرت سیّدنا عبداللہ علیہ السلام اپنے والد حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے بڑے اور لاڈلے بیٹے تھے، چونکہ حامل نور محمدی (علیہ الصلوٰۃ والسلام) تھے، اس لئے حُسن و جمال میں بے مثال تھے، ان کا لقب ''ذبیح'' تھا۔ پس منظر اس کا کچھ یوں بیان

کیا جاتا ہے کہ جب حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے غیبی اشارہ پا کر چاہِ زمزم کھودنے کا ارادہ فرمایا تو قریش مکہ نے سخت مخالفت کی اور ان کے بیوقوفوں نے آپ کو ایذائیں پہنچائیں۔ سبب اس کا یہ تھا کہ چاہِ زمزم کے مقام کے آس پاس دو بُت نصب تھے، ان کا نام اساف اور نائلہ (یہ اسافؔ اور نائلہؔ دراصل مرد وعورت کے نام ہیں) زمانہ جاہلیت میں انہوں نے خانہ کعبہ کے اندر بدکاری کی، جس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے دونوں کو پتھر بنا دیا، سیرت ابن ہشام میں ہے کہ اسافؔ بعنی کا بیٹا تھا، اور نائلہ کے باپ کا نام ویکؔ تھا یہ قبیلہ بنو جرہم سے تعلق رکھتے تھے۔ واللہ اعلم! (کفار کی حالت اور جہالت قابلِ دید ہے کہ وہ ان کو دیوتا سمجھ کر پوجنے لگے) قریش نہیں چاہتے تھے کہ ان بُتوں کے درمیان کنوئیں کو کھودا جائے۔ اس وقت حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ کے ساتھ اُن کے بیٹے حارث کنواں کھودنے میں مُعاون تھے۔ اس وقت حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے جبکہ زمزم ظاہر ہو گیا، نذر مانی کہ ''اگر اللہ تعالیٰ نے ان کو دس فرزند عطا فرمائے اور وہ سب جوان ہو کر ان کے معاون و مددگار بنیں، تو وہ (عبد المطلب رضی اللہ عنہ) ان میں سے ایک کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں قربان کر دیں گے'' چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کو دس فرزند عطا فرمائے اور وہ سب حدِّ بلوغ کو پہنچ گئے۔

ایک شب حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ خانہ کعبہ کے قریب سوئے ہوئے تھے کہ انہیں کسی کہنے والے نے کہا: ''اے عبد المطلب (رضی اللہ عنہ)! اپنی نذر کو پورا کر، جو تو نے ربِّ کعبہ کے لئے مانی تھی۔'' وہ خواب سے بیدار ہوئے تو خوف سے لرز رہے تھے، انہوں نے فوراً ایک دُنبہ ذبح کر کے کھانا تیار کروایا اور فقراء و مساکین میں تقسیم کر دیا۔ اس کے بعد پھر خواب آیا اور کہا گیا کہ ''اس سے بڑی قربانی کر''۔ پھر آپ بیدار ہوئے، تو اللہ کی راہ میں گائے کی قربانی دی، لیکن پھر خواب میں حکم ہوا کہ ''اس

سے بڑی قربانی دو۔'' اس پر آپ نے اونٹ ذبح کر کے فقراء میں تقسیم کر دیا۔ اس کے بعد خواب میں صاف صاف بتا دیا گیا کہ ''تم نے اپنے فرزندوں میں سے ایک کو قربان کرنے کی منّت مانی تھی'' اس خواب پر آپ نہایت درجہ غمگین ہو گئے اور تمام فرزندوں کو اپنے خواب سے مطلع فرمایا تو تمام فرزندوں نے بیک زبان عرض کیا کہ اگر آپ ہم سب کی قربانی دینے پر راضی ہیں، تو ہم سب تیار ہیں، کوئی انکار نہیں۔ حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ اپنے بیٹوں کی اس اطاعت شعاری اور سعادت مندی پر بہت خوش ہوئے اور فرمایا: ''قرعہ اندازی کرلو، جس کا نام قرعہ میں نکلے گا اسی کو قربان کروں گا۔'' جب قرعہ نکالا گیا، تو وہ حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کے نام کا نکلا۔ حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام نہایت ہی حسین و جمیل اور بہادر تھے۔ حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کو ان سے غایت درجہ محبت بھی تھی، اس کے باوجود حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ اٹھے اور حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کا ہاتھ پکڑ کر اساف و نائلہ کے قریب خانہ کعبہ سے متصل قریش کی قربان گاہ میں لے آئے۔ (مدارج النبوۃ)

چنانچہ جب حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ ایک ہاتھ میں چھُری تھامے اور دوسرے ہاتھ سے اپنے لختِ جگر کا بازو پکڑے قربان گاہ میں داخل ہوئے، تو قریش اپنی مجلسوں سے اُٹھ کر تیزی کے ساتھ ان کی طرف آئے اور کہا: عبدالمطلب (رضی اللہ عنہ) کیا کرنا چاہتے ہو؟ فرمایا میں اسے راہِ خدا میں ذبح کرنا چاہتا ہوں (اور خواب کے واقعہ سے مطلع کیا) قریش نے کہا: خدا تعالیٰ کی قسم ایسے نہیں ہوگا، جب تک آپ مجبور نہ ہو جائیں، اس کو ذبح نہ کریں۔ اگر آپ ایسا کریں گے، تو پھر (آپ کی دیکھا دیکھی) ہر شخص اپنا بچہ لایا کرے گا تا کہ اسے ذبح کر دے۔ اس طرح نسلِ انسانی ختم ہو جائے گی۔ مغیرہ بن عبداللہ نے کہا: ''ایسا ہرگز نہ کیجئے، خدا کی قسم! جب تک آپ

مجبور نہ ہو جائیں، اگر اس کا فدیہ ہمارے مال سے ہو سکتا ہے تو ہم دینے کیلئے تیار ہیں، حکم فرمائیے۔" (حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ حضرت فاطمہ بنت عمرو مغیرہ بن عبداللہ کے خاندان سے تھیں) حضرت سیدنا عبدالمطلب (رضی اللہ عنہ) کے دوسرے بیٹوں نے بھی یہ ہی عرض کی کہ سرِ دست ان کو ذبح نہ کیا جائے۔ پھر سب نے متفقہ طور پر اس قضیہ کا حل تلاش کیا کہ حجاز (مدینہ منورہ) میں ایک عرّافہ (یعنی غیب کی باتیں بتانے والی) ہے، جس کے کوئی (شیطان یا موکل یا کوئی رُوح) تابع ہے، وہ حالات صحیح صحیح بتا دیتی ہے، اگر اس نے بھی ان کو ذبح کرنے کا کہہ دیا تو آپ کو اختیار ہے، ورنہ وہ جو کہے، اس کو قبول کریں۔

عرّافہ سے سوال

چنانچہ یہ سب کے سب وہاں سے چلے اور یثرب (مدینہ منورہ) پہنچے، وہاں گئے تو معلوم ہوا کہ عرّافہ (کاہنہ) خیبر میں ہے، تو سب وہاں سے سوار ہو کر خیبر پہنچے اور حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے اپنے اور اپنے بیٹے کے تمام حالات پوری تفصیل سے اُسے سنائے۔ اس عورت نے کہا: آج تو میں کچھ نہیں بتا سکتی کیونکہ میرا تابع میرے پاس نہیں ہے، تم پھر کسی دن آنا۔ میرا تابع میرے پاس آئے گا، تو میں اُس سے اس کا حل پوچھ لوں گی۔ یہ سن کر سب کے سب واپس (اپنے پڑاؤ پر) آ گئے۔ حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ رات بھر کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کرتے رہے، صبح ہوئی تو یہ سب کے سب اسی عورت کے پاس گئے تو اس نے کہا مجھے تمہارے بارے میں کچھ معلومات حاصل ہوئی ہیں، تم بتاؤ کہ تمہارے ہاں دیت یعنی خون بہا کتنا ہے۔" لوگوں نے کہا کہ "دس اونٹ"۔ وہ عورت بولی: "تم لوگ اپنی بستی (مکہ مکرمہ) کی طرف واپس لوٹ جاؤ، اپنے بیٹے اور دس اونٹوں کو پاس پاس رکھو، پھر دونوں پر

قرعہ اندازی کرو اور اگر تمہارے بیٹے کے نام نکلے تو اونٹ اور بڑھا دو۔ یہ عمل اُس وقت تک کرتے رہو کہ تمہارا پروردگار راضی ہو جائے، یعنی قرعہ اونٹوں پر نکل آئے، تو پھر وہ سب اونٹ ذبح کر دیں، اس طرح تمہارا رب بھی راضی ہو جائے گا اور تمہارا بیٹا بھی بچ جائے گا۔'' یہ سن کر سب نہایت خوشی کے ساتھ واپس مکہ مکرمہ لوٹ آئے۔

حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کا فدیہ

مکہ مکرمہ پہنچ کر حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام اور دس اونٹ خانہ کعبہ کے قریب قرعہ اندازی کے لئے لائے گئے۔ دیگر سردارانِ قریش تو قرعہ اندازی میں مشغول ہو گئے جبکہ حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ بارگاہِ ربِّ ذوالجلال میں دستِ دُعا پھیلا کر کھڑے ہو گئے۔ قرعہ ڈالا تو حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کا نام ہی نکلا، اونٹوں کی تعداد بیس کر دی گئی، پھر قرعہ ڈالا گیا مگر حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام ہی کا نکلا، اسی طرح قرعہ ڈالتے گئے اور اونٹوں کی تعداد میں دس، دس کا اضافہ کرتے گئے، اس تمام وقت میں حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ مسلسل دعا مانگتے رہے، یہاں تک کہ اونٹوں کی تعداد ایک سو ہو گئی اور قرعہ اونٹوں کے نام پر نکل آیا، بطورِ احتیاط پھر قرعہ ڈالا، تو اب بھی اونٹوں پر ہی نکلا، تو سب کو اطمینان ہو گیا۔ حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کھڑے دعا مانگ رہے تھے۔ لوگوں نے کہا اے عبدالمطلب رضی اللہ عنہ! اب دعا کی بس کرو، تمہارا رب تم سے راضی ہو گیا ہے قرعہ اونٹوں کے نام پر نکل آیا ہے۔ حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں، اللہ تعالیٰ کی قسم! میں ایسا نہیں کروں گا، جب تک کہ (میرے سامنے) تین مرتبہ قرعہ اونٹوں پر نہ نکلے، چنانچہ تین مرتبہ مسلسل قرعہ اندازی کی گئی اور ہر مرتبہ قرعہ اونٹوں کے نام پر ہی نکلا، تو حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور تمام اونٹ ذبح کر دیئے گئے اور ان کے گوشت سے نہ تو کسی انسان کو روکا گیا اور نہ کسی درندے کو یعنی جس کا جتنا جی چاہا گوشت لے لیا کوئی روک ٹوک نہ تھی۔ (سیرت ابن ہشام)

آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والِدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عظیم فائدہ

اس واقعہ سے پہلے عرب میں انسان کی دیت یعنی خون بہا دس اونٹ مقرر تھے۔ دوسرے لفظوں میں انسانی خون کی قیمت دس اونٹ کے برابر تھی، لیکن اس واقعہ عظیمہ کے بعد دیت (خون بہا) سو اونٹ مقرر ہو گیا۔ گویا حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے خلوص اور حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کی اطاعت کے صدقہ سے انسانی خون کی قدر و قیمت بڑھ گئی اور یہ بات ناقابل تردید حقیقت ہے کہ سزاؤں کے بڑھ جانے سے جرائم میں کمی ہو جاتی ہے کہ سخت سزا کا خوف جرم سے باز رکھتا ہے۔ پہلے تو یہ تھا کہ اگر مقتول کے ورثاء راضی ہوں، تو قاتل دس اونٹ دے کر اپنی جان بچا لیتا تھا، لیکن اب اونٹوں کی تعداد سو ہو گئی جو ہر کسی کے بس کا روگ نہ تھا، اس طرح قتل و غارت گری میں نمایاں کمی کا ہو جانا یقینی تھا۔ پھر یوں کہیے کہ یہ واقعہ پوری نوعِ انسانی کے لیے باعثِ خیر و برکت ہو گیا اور ایسا ہونا چاہیے تھا کیونکہ انہی حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کے فرزند ارجمند پوری کائنات کے لئے سراپا رحمت بن کر تشریف لانے والے تھے۔

عفّت مآب حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام

اس واقعہ کے بعد حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کی شہرت میں مزید اضافہ ہو گیا۔ مکہ مکرمہ کی بہت سی نوجوان خوبصورت لڑکیوں اور عورتوں نے آپ علیہ السلام کے حسن و جمال سے متاثر ہو کر آپ کو ورغلانے کی بھرپور کوشش کی حتیٰ کہ بعض نے بڑی دولت کی پیشکش بھی کی۔ جیسا کہ علامہ ابن ہشام، ابن اسحاق علیہما الرحمۃ کے حوالہ سے نقل فرماتے ہیں کہ بنی اسد بن عبدالعزیٰ کی ایک عورت (مدارج النبوۃ میں ہے کہ اُس کا نام رقیصہ یا قتیلہ تھا) کی نظر حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام پر پڑی، تو آپ کے حسن و جمال

پر فریفتہ ہوگئی اور بولی ''اے عبداللہ! وہ سو اونٹ جو تم پر فدا کیے گئے وہ میں تم کو دے دیتی ہوں، بشرطیکہ تم میرے ساتھ مباشرت کے لئے راضی ہو جاؤ۔'' عفّت مآب حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام نے اس کی اس پیشکش کو پائے حقارت سے ٹھکرا دیا اور دامنِ عصمت کو بچا کر آگے بڑھ گئے۔ (سیرت ابن ہشام، مدارج النبوۃ)

اسی طرح حافظ ابو نعیم وخرا بطی اور ابن عسا کر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ مکہ مکرمہ کی ایک نہایت حسین و جمیل عورت فاطمہ بنت مرا لخشعمیہ نے بڑے بھرپور انداز میں حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام سے اظہار محبت کیا اور ایک سو اونٹ بطور تحفہ پیش کرنا چاہے تا کہ آپ اُس کی ناجائز خواہش پوری کر دیں، تو اس عورت کی اس درخواست کے جواب میں حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام نے فرمایا:

أَمَّا الْحَرَامُ فَالْحِمَامُ دُوْنَهٗ وَالْحِلُّ لَا حِلَّ فَأَسْتَبِيْنَهٗ

فَكَيْفَ بِالْأَمْرِ الَّذِيْ تَبْغِيْنَهٗ يَحْمِي الْكَرِيْمُ عِرْضَهٗ دِيْنَهٗ

اس حرام فعل کے کرنے سے تو مر جانا ہی بہتر ہے۔ اگر اس کے سوا کوئی طریقہ ہو تو میں اس کو پسند کرتا ہوں۔ مگر اس کے لئے شرط ہے کہ اعلانیہ (نکاح) ہو۔ تم مجھے بہکاتی اور پھسلاتی ہو، مگر شریف انسان پر لازم ہے کہ وہ اپنی عزت و عصمت اور اپنے دین کی حفاظت کرے۔''

سبحان اللہ تعالیٰ! یہ بات اس زمانے کی ہے کہ جب بدکاری کرنا عیب کی بجائے فخر سمجھا جاتا تھا۔ جب مرد وعورت ننگے ہو کر طوافِ کعبہ کیا کرتے تھے، اس پُر آشوب دورِ جاہلیت میں حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کا اپنے دامنِ عصمت کو داغدار ہونے سے بچا لینا یقیناً اس نورِ محمدی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا صدقہ تھا جو کہ اُن کے پاس امانت تھا۔ خود حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان ذی شان کا مفہوم ہے کہ میرے پورے نسب

میں کہیں بھی (حضرت سیدنا آدم علیہ السلام تک) سفاح جاہلیت، (بدکاری) کا نام ونشان تک نہیں۔ (فالحمد للہ علیٰ ذالک)

حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کی شرافت

زمانہ جاہلیت میں گناہوں سے بچنا ناممکن تھا، لیکن اللہ تعالیٰ نے حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کو ہر عیب سے محفوظ رکھا۔ ابنِ اسحاق رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ ایک دفعہ حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ اپنے بیٹے حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کا ہاتھ پکڑ کر لئے جارہے تھے کہ راستے میں بنو اسد کی ایک خوبصورت عورت ملی اس نے جب حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کے چہرے کو دیکھا تو فوراً سوال کیا اے عبداللہ! تم کہاں جارہے ہو؟ آپ نے جواب دیا میں اپنے باپ کے ساتھ جارہا ہوں۔ اس عورت نے کہا کہ جتنے اونٹ تمہاری طرف سے بطور فدیہ ذبح کئے گئے تھے میں تجھے دیتی ہوں۔ میرے ساتھ شادی کرلو۔ آپ نے جواب دیا، میں اپنے باپ کی مخالفت، فراق اور نافرمانی پسند نہیں کرتا۔ حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ وھب بن عبدمناف کے پاس آئے۔ وہب اس وقت قبیلہ بنوزہرہ میں حسب ونسب کے اعتبار سے معزز اور سردار تھے۔ چنانچہ اُن کی لختِ جگر جناب سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کے نکاح کی بات ہوئی۔ پھر شادی قرار پائی اور اس طرح نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس امانت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کی طرف منتقل ہوگئی۔ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، مطبوعہ تاج کمپنی ص 25)

حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام قانع، متقی، دنیا و مافیھا سے اجتناب برتنے والے اور مقبول بارگاہِ الٰہی تھے۔ آپ دُنیا کا مال کثیر تعداد میں جمع نہیں فرماتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ جب آپ کا وصال شریف ہوا تو آپ نے دوسرے لوگوں کی طرح

بے پناہ اموال بطور ترکہ نہیں چھوڑے تھے، بلکہ چند چیزیں تھیں، چنانچہ سیرت نگار لکھتے ہیں۔

''حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام نے ایک لونڈی (مسماۃ) اُم ایمن، پانچ اونٹ اور کچھ بکریاں بطور وراثت چھوڑیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان چیزوں کے وارث بنے۔''

روزنامہ نوائے وقت کی یہ خبر جو تاریخ (ہفتہ 11 صفر المظفر 1398ھ 21 جنوری 1978ء، ماگھ 2024ب) کو شائع ہوئی۔

چودہ سو برس بعد حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما کا جسدِ مبارک قبر سے صحیح حالت میں برآمد ہوا۔ سات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جسد مبارک بھی اصل حالت میں تھے۔

کراچی، 20 جنوری (ج ک) یہاں پہنچنے والی ایک اطلاع کے مطابق مدینہ میں مسجد نبوی کی توسیع کے سلسلے میں کی جانے والی کھدائی کے دوران حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام بن عبدالمطلب کا جسد مبارک جس کو دفن کئے چودہ سو سال سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے بالکل صحیح اور سالم حالت میں برآمد ہوا۔ علاوہ ازیں صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت سیدنا مالک بن سونائی رضی اللہ عنہ کے علاوہ دیگر چھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جسد مبارک بھی اصل حالت میں پائے گئے جنہیں جنت البقیع میں نہایت عزت اور احترام کے ساتھ دفنا دیا گیا۔ جن لوگوں نے یہ منظر اپنی آنکھوں سے دیکھا ان کا کہنا ہے کہ مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جسم نہایت تر و تازہ اور اصلی حالت میں تھے۔

منقبت سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا

واہ رُتبہ تِرا سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا
نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا

کب کسی کے مقدر میں ہے وہ ہوا
آپ کو جو ملا سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا

ساری توحید ہے تیری آغوش میں
مومنہ مسلّمہ سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا

کس کو ایمان ہے اُن سے بڑھ کے ملا
گھر ہیں ایمان کا سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا

آپ مالک ہیں کوثر کی فردوس کی
نورِ حق کی ضیاء سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا

سارے نبیوں کا سلطان وسردار ہے
آپ کا لاڈلہ سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا

آپ ملکہ ہیں حورانِ فردوس کی
آپ پر ہم فدا سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا

سب فرشتوں کی جھکتی جبیں ہے جہاں
وہ ہے حجرہ ترا سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا

از ازل تا ابد پاک ہی پاک ہے
سب گھرانہ ترا سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا

اپنے محتاج صائم پہ بہرِ خدا
ہو نگاہِ عطا سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا

والدہ ماجدہ

سیدہ آمنہ بنت وہب سلام اللہ علیہا

بن عبد مناف بن زہرہ بن کلاب

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ سلام اللہ علیہا کی شرافت

حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ سیدۃ آمنہ سلام اللہ علیہا عرب کے مشہور باوقار خاندان قریش کے معزز قبیلہ بنی زہرہ کے سردار حضرت وہب کی صاحبزادی تھیں جو صورت و سیرت کے اعتبار سے پورے عرب کی عورتوں سے زیادہ حسین، عقلمند، شریف الطبع اور حسنِ اخلاق کی مالکہ تھیں۔

محدث ابن جریر رحمۃ اللہ علیہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ سلام اللہ علیہا اور ان کے والد ماجد علیہ السلام کے بارے میں لکھتے ہیں:

وَ وَهْبٌ يَّوْمَئِذٍ سَيِّدُ بَنِيْ زُهْرَةَ سِنًّا وَّ شَرَفًا فَزَوَّجَ اٰمِنَةَ بِنْتَ وَهْبٍ وَهِيَ يَوْمَئِذٍ اَفْضَلُ امْرَاَةٍ مِّنْ قُرَيْشٍ۔ (تاریخ طبری ص 174 ج 1)

''حضرت وہب جو اُس وقت عمر اور شرفِ بزرگی کے اعتبار سے بنی زہرہ کے سردار تھے۔ انہوں نے اپنی بیٹی حضرت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کا نکاح حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام سے کر دیا اور سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا اس وقت قریش کی سب عورتوں سے افضل و اعلیٰ تھیں۔''

ایک انگریز رائٹر تھامس کارلائل اپنی شہرۂ آفاق کتاب ''ہیرو ورشپ'' میں لکھتا ہے:

''ایک خاتون جو اپنے حسن و جمال اور قدر و منزلت اور عقل و تمیز میں ممتاز تھیں۔''

الغرض حضور نبی مکرم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ سلام اللہ علیہا اور آپ کی نانیاں سب شریف خاندانوں سے تھیں اور تمام عفت و عصمت مآب تھیں۔ اور یہی تقاضا ہے اس حدیث شریف کا جو حضرت امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی متعدد کتب میں نقل فرمائی ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

لَمْ يَزَلِ اللّٰهُ يَنْقِلُنِيْ مِنْ اَصْلَابٍ طَيِّبَةٍ اِلٰى اَرْحَامٍ طَاهِرَةٍ مُصَفًّى

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

مُّهَذَّبًا لَا تَنْشَعِبُ شُعْبَتَانِ اِلَّا كُنْتُ فِيْ خَيْرِهِمَا

(دُرِّ منثور ص 98 ج 5، دلائل النبوۃ ص 11 ج 1)

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ ہمیشہ مجھے پاک پشتوں سے پاکیزہ رحموں میں منتقل فرماتا رہا۔ صاف ستھرا آراستہ، جہاں کہیں سے دو شاخیں ہوئیں میں اُن میں سے بہتر شاخ، میں تھا۔''

حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ مکرمہ سلام اللہ علیہا شریف النسب اور انتہائی شریف النفس، عفت وعصمت کی پیکر قدرومنزلت اور عقل وتمیز میں یکتا اور تمام قریشی عورتوں سے افضل تھیں۔

حضرت سیدۃ آمنہ سلام اللہ علیہا سے حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کی شادی کی وجہ

حضرت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کے ساتھ حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کی شادی کی وجہ یہ ہوئی کہ حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کی پیشانی سے ایک نور ظاہر تھا۔ اور آپ جب زمین پر بیٹھتے تو زمین سے آواز آتی، اے وہ ذات جس کی پشت میں حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نورِ مقدس موجود ہے، آپ پر میرا سلام ہو۔ جب آپ علیہ السلام کسی خشک درخت کے نیچے بیٹھتے تو وہ فوراً سرسبز اور پھولدار و پھلدار ہوجاتا۔ کبھی ''لات ومنات'' اور ''عُزّیٰ'' اور دوسرے بتوں کے پاس سے گزرتے تو وہ چیخنا شروع کردیتے اور کہتے، اے عبداللہ علیہ السلام آپ کے اندر وہ ذات گرامی تشریف فرما ہے جس کے ہاتھوں ہماری اور دنیا کے تمام بتوں کی ہلاکت ہوگی۔

حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کے یہ عجائبات دور دور تک مشہور ہوگئے تو اہل کتاب کی ایک جماعت جنھوں نے ان عجائبات کی خبر سُنی اور اپنی کُتب میں پڑھا تو حضور سید الانس والجان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد کے حسد سے یہ ارادہ اور عہد و پیمان کیا کہ جب

تک سیدنا عبداللہ علیہ السلام کو قتل نہ کریں ہم اپنی قوم کو منہ نہیں دکھائیں گے۔اس غرض سے وہ ستر (70) یہود ملک شام سے مکہ مکرمہ آئے اور موقع تلاش کرتے رہے۔ایک دن حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام شکار کرنے کے لئے جنگل میں گئے تو ان ستر یہودیوں نے اپنی زہر آلود تلواروں سے آپ پر حملہ کر دیا۔ اچانک ایک فوج رنگ برنگ گھوڑوں پر سوار آسمان سے اُتری اور دیکھتے ہی دیکھتے اُن یہودیوں کو ختم کر دیا۔اس منظر کو حضرت وہب بن عبد مناف بھی دیکھ رہے تھے۔یہ کرامت دیکھ کر انہوں نے پکا ارادہ کرلیا کہ اپنی بیٹی سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کی شادی حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام سے کروں گا۔فوراً گھر آئے اور اپنی بیوی برہ بنت عبد العزیٰ کو اس واقعہ کے بارے میں بتا کر کہا کہ سیدنا عبداللہ بن عبدالمطلب رضی رضی اللہ عنہما قریش میں سب سے زیادہ خوبصورت خوب سیرت نوجوان ہے۔میں اپنی بیٹی سیدنا آمنہ سلام اللہ علیہا کے لئے اس سے زیادہ اچھا کوئی رشتہ نہیں پاتا۔بعد میں جب بات آگے چلی تو حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے بھی اس رشتہ کو پسند فرمایا اور حضرت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کے نکاح میں آ گئیں۔ (سیرت ابن ہشام)

سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کی سیدنا عبداللہ علیہ السلام سے شادی

حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام پر اکثر عورتیں فریفتہ ہو جاتیں، کیونکہ آپ علیہ السلام کی پیشانی مبارک بوجہ نورِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روشن و منور تھی اور آپ تمام عرب میں حسین تر تھے۔حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے بھائی حضرت عبداللہ علیہ السلام کی پیشانی ایسی تھی:

كَانَ وَجْهُهٗ نُوْرًا يَّظْهَرُ كَنُوْرِ الشَّمْسِ

''ان کا چہرہ مبارک ایسا پُر نور تھا جیسے کہ سورج کا نور چمکتا ہے۔''

(ابوین مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ص 135)

حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ اپنے صاحبزادے حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کے چہرے کو دیکھ کر فرمایا کرتے تھے کہ میرے اس بچے کی شان نرالی ہے۔ اکثر عورتیں حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام سے نکاح کی خواہش کرتیں، بعض سردار اپنی بیٹیوں کے نام لے کر آتے تو حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام نکاح کی بات سُن کر خاموش ہو جاتے۔

حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کے ہم صحبت لڑکوں کو بلایا اور فرمایا کہ میں تم میں سے اس کو دس دینار دوں گا جو سیدنا عبداللہ علیہ السلام سے یہ دریافت کرے کہ وہ کس خاندان اور کس لڑکی سے شادی کرنا چاہتے ہیں۔ حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کے دوست آئے اور پوچھا کہ کس لڑکی اور کس خاندان میں شادی کرو گے؟ تو حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام نے جواب دیا کہ میری شادی تو ہو چکی ہے، اب دوسری شادی کیسی؟

دوستوں نے حیران ہو کر دریافت کیا کہ آپ کی شادی کب ہوئی اور کس سے ہوئی؟ تو حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے اپنے جدِّ امجد سیدنا ابراہیم علیہ السلام کو خواب میں دیکھا۔ آپ فرما رہے تھے کہ تیرا نکاح عرشِ معلّٰی پر آمنہ بنت وہب سلام اللہ علیہا کے ساتھ ہو گیا ہے۔ مبارک ہو۔ والدین سے دست بستہ عرض کرو کہ وہ میرا نکاح آمنہ بنت وہب سلام اللہ علیہا سے کر دیں، کیونکہ میری اور آمنہ خاتون کی عادات بھی ایک جیسی ہیں۔

حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کے تمام دوستوں نے خوشی خوشی جا کر حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ کو یہ خبر دی تو آپ بہت خوش ہوئے اور آپ نے دس کے بجائے بیس دینار اور بیس سیر کھجوریں لڑکوں کو دیں، اور تمام خاندان والوں سے مشورہ کر کے سیدنا وہب بن عبد مناف رضی اللہ عنہ کے مکان پر پہنچے۔ اُدھر سیدنا وہب بن عبد

مناف رضی اللہ عنہ اسی بات کے منتظر تھے، انہوں نے جناب حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کا ان الفاظ کے ساتھ استقبال کیا۔

(پس آپ کا آنا بہت مبارک ہے) شادی کی بات طے ہوگئی۔ دونوں خاندانوں میں خوشی سے لڑکیوں نے دَف بجا کر شادی کے ترانے گائے۔

شادی اور خطبہ نکاح

حضرت سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا اور حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کی شادی اس انداز میں ہوئی کہ دونوں خاندانوں کے بزرگ دولہا اور دلہن کو زیب و زینت دے کر کعبۃ اللہ میں لائے اور طوافِ کعبہ کے بعد مقامِ ابراہیم کے پاس بیٹھ کر دولہا کی طرف سے حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور اپنے خاندانی حسب و نسب اور حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام اور اپنے بڑے بزرگوں کے فضائل پر مشتمل خطبہ پڑھا۔ پھر دلہن کی طرف سے جناب وہب بن عبد مناف کھڑے ہوئے اپنے حسب و نسب اور بزرگوں کے مناقب بیان کئے۔ اور قدیم عرب کے رواج کے مطابق حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام اور سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا کا نکاح منعقد ہوا۔

حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام کی عمر اس وقت اٹھارہ (18) سال تھی، جبکہ سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا کی عمر سولہ (16) سال تھی۔

نورِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رحم آمنہ سلامُ اللہ علیہا میں تشریف لانا

سیدنا عبداللہ علیہ السلام اور سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا کی شادی چونکہ ایام حج میں ہوئی تھی، اس لئے نورِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایامِ حج کے وسط میں جمعرات اور جمعۃ المبارک کی درمیانی شب حضرت سیدہ آمنہ خاتون سلامُ اللہ علیہا کے رحم پاک میں تشریف فرما ہوا۔ اور یہ رات تمام راتوں سے بابرکت تھی کہ جس میں دونوں جہانوں کے

شہنشاہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی والدہ مکرمہ کے شکمِ اقدس میں جلوہ افروز ہوئے۔ اور سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا کو وہ سعادت اور نیک بختی نصیب ہوئی کہ کائناتِ عالم میں کسی اور خاتون کو نصیب نہیں ہوئی۔ اور سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا فرماتی ہیں، جب حضور نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میرے شکم میں تشریف فرما ہوئے تو مجھے اپنے جسم سے پیاری پیاری خوشبو آیا کرتی تھی۔

جس رات حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی والدہ مکرمہ کے شکمِ اطہر میں تشریف فرما ہوئے تو قریش کے مویشیوں اور چوپائیوں نے ایک دوسرے کو بشارت دی، قسم ہے کعبہ کے رب کی کہ آج کی رات دنیا کا سردار سب سے اعلیٰ، اپنی والدہ کے پاس آ گیا ہے۔ اسی رات تمام دنیا کے بادشاہوں کے تخت اُلٹ دیئے گئے۔ سب بُت سرنگوں ہو گئے، روئے زمین کے تمام بادشاہ گونگے ہو گئے، ہاتفِ غیبی سے ایک اعلان ہو رہا تھا کہ ''ابوالقاسم'' صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ظہور قریب آ گیا ہے۔

(سیرت حلبیہ ص 47 ج 1)

حضرت سیدنا آدم علیہ السلام اور جلیل القدر انبیاء کرام علیہم السلام کی حضرت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کو زیارت اور بشارت

حضرت سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا فرماتی ہیں کہ جب حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میرے رحم (مبارک) میں جلوہ افروز ہوئے جب پہلا مہینہ ہوا تو میں نے ایک بلند قامت، گندمی رنگت، نرم گفتار حسین چہرے والے آدمی کو دیکھا، جس نے بڑے پیارے لہجہ میں فرمایا کہ اے آمنہ سلامُ اللہ علیہا! تجھے بشارت ہو تو نبیوں کے سردار علیہ السلام کو جنم دینے والی ہے۔ میں نے عرض کیا آپ کون ہیں؟ انہوں نے فرمایا، میں تیرا اور تیرے بیٹے کا باپ آدم (علیہ السلام) ہوں۔ دوسرے مہینہ حضرت شیث علیہ السلام کی زیارت ہوئی۔ انہوں نے بھی مبارکباد اور بشارت دی۔ تیسرے مہینے حضرت

نوح علیہ السلام، چوتھے مہینے حضرت ادریس علیہ السلام، پانچویں مہینے حضرت ہود علیہ السلام، چھٹے مہینے حضرت سیدنا خلیل اللہ علیہ السلام، ساتویں مہینے حضرت سیدنا اسماعیل ذبیح اللہ علیہ السلام، آٹھویں مہینے حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام اور نویں مہینے حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے بشارتیں دیں۔ حضرت سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا فرماتی ہیں مجھے ان نو ماہ میں نہ درد محسوس ہوا اور نہ کوئی اور عوارض جو دوسری عورتوں کو پیش آتے ہیں۔ میں ان سے پاک صاف رہی۔

(سیرت ابن ہشام)

سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا کے دَر پر سیدہ مریم سلامُ اللہ علیہا و آسیہ رضی اللہ عنہا

حضرت سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا فرماتی ہیں جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت کا وقت قریب آیا، تو اس وقت حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کعبہ میں تھے۔ میں گھر میں اکیلی تھی۔ مجھے دردِ زہ شروع ہوا، اور میں نے ایک ہولناک آواز سنی جس سے میں ڈر گئی تو مجھ پر خوف طاری ہوا۔ اسی وقت ایک انتہائی خوبصورت سفید رنگ کا پرندہ ظاہر ہوا۔ اس نے اپنا بازو میرے سینے پر پھیرا جس کے پھیرتے ہی میرا سب درد اور خوف جاتا رہا۔ پھر میرے سامنے ایک سفید چیز کا بھرا ہوا پیالہ پیش کیا گیا، مجھے پیاس لگی تھی میں نے وہ پی لیا وہ دودھ سے زیادہ سفید شہد سے زیادہ میٹھا اور برف سے زیادہ ٹھنڈا تھا۔

پھر ایک نور ساظاہر ہوا تو میں نے اپنے پاس چند عورتوں کو پایا جو قد و قامت اور حسن و جمال میں عبدِ مناف کی بیٹیوں کی مثل یعنی بہت حسین و جمیل تھیں۔ انہوں نے مجھے چاروں طرف سے گھیر لیا۔ میں حیران ہوئی کہ یہ کون ہیں اور ان کو کس شخص نے میرے حال کی خبر دی ہے کہ میرے پاس آئی ہیں؟ پھر اُن میں سے ایک بولی کہ میں مریم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ ہوں اور یہ آسیہ فرعون کی بیوی اور یہ تمام عورتیں

جوصف بستہ تعظیماً کھڑی ہیں، حورانِ جنت ہیں، ہم تمام آپ کی خدمت کے لئے آئی ہیں، پھر میں نے سفید پرندوں کے جھنڈ دیکھے جنہوں نے آکر میرے حجرہ کو ڈھانپ لیا۔ ان کی چونچیں زمرد کی اور بازو یاقوت کے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے میری آنکھوں سے حجابات اٹھا دیئے تو میں نے زمین کے مشارق و مغارب کو دیکھا اور میں نے تین جھنڈے دیکھے، ایک مشرق میں ایک مغرب میں تیسرا کعبہ شریف کی چھت پر لہرا رہا تھا۔ (زرقانی علی المواہب ج1 ص112)

سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کے بطن سے نور کا ظہور

حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا:

اَخۡبِرۡنَا عَنۡ نَّفۡسِكَ؟

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہمیں اپنی ذاتِ والا صفات کے بارے میں اِرشاد فرمایئے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

اَنَا دَعۡوَةُ اَبِیۡ اِبۡرَاهِیۡمَ وَبُشۡرٰی اَخِیۡ عِیۡسٰی عَلَیۡهِمَا السَّلَامُ وَرَأَتۡ اُمِّیۡ حِیۡنَ حَمَلَتۡ بِیۡ اَنَّهٗ خَرَجَ مِنۡهَا نُوۡرٌ اَضَآءَ لَهَا قُصُوۡرُ الشَّامِ۔

(یہ عبارت البدایہ والنہایہ کی ہے ج1 ص275)

''میں اپنے باپ سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہوں، اور سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت ہوں اور جب میری والدہ ماجدہ مجھ سے حاملہ ہوئیں، تو انہوں نے دیکھا ان سے ایک نور ظاہر ہوا جس کی روشنی سے شام کے محلات روشن ہو گئے۔''

(دلائل النبوۃ ج1 ص110، دارمی شریف ج1 ص17، خصائص کبریٰ ج1 ص114، زرقانی شریف ج1 ص116، سیرت حلبیہ ج1 ص77، مشکوٰۃ شریف ص513، البدایہ والنہایہ ج2 ص275)

سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادت باسعادت کا ذکر کرتے

ہوئے فرماتی ہیں:

اِنِّیْ رَاَیْتُ خَرَجَ مِنِّیْ نُوْرٌ اَضَآءَتْ لَہٗ قُصُوْرُ الشَّامِ۔

”میں نے دیکھا کہ مجھ سے ایک نور ظاہر ہوا جس سے شام کے محلات روشن اور منور ہو گئے۔“

(دلائل النبوۃ ج1 ص295)

سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا نے جس نور کا ذکر فرمایا وہ نور تو تمام روئے زمین کے ایمانداروں کی جان بلکہ ایمان کی جان ہے، جیسے اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی مولانا احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اللہ کی سر تا بقدم شان ہیں یہ
ان سا نہیں انسان وہ انسان ہیں یہ
قرآن تو ایمان بتاتا ہے انہیں
ایمان یہ کہتا ہے مری جان ہیں یہ

(حدائق بخشش)

جب اُس نور یعنی نورِ مجسم شفیع معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمام ایمانداروں کے آقا و مولیٰ اور ان کے ایمان کی جان مانتے ہو اور اس بات پر اجماع امت ہے تو جس جگہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جسد اقدس تشریف فرما ہے اور وہ خاکِ پاک جس سے جسم منور مَس ہے وہ خاکِ پاک اور وہ جگہ کعبہ مشرفہ اور بیت المعمور اور عرش و کُرسی سے افضل و اعلیٰ ہے اس پر مخالفین کو بھی اتفاق ہے۔ لیکن یہ کتنی بد قسمتی اور کور بختی ہے کہ جو منبع نور ہے یعنی جس خوش قسمت ماں کے بطن مبارک سے نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور کا ظہور ہوا اور اس مقدس ماں کا دودھ پیا، اُس مقدس ماں کے بارے میں یہ کہنا کہ معاذ اللہ وہ ایمان دار نہیں تھیں، کس قدر جسارت ہے؟ العیاذ باللہ

دراصل یہ خود ایمان سے خالی ہیں اس لئے انہیں اس طرف بھی ایمان نظر

نہیں آتا۔ اگر ان کے سینہ میں ذرّہ برابر بھی ایمان کی روشنی ہوتی تو یہ ایسی باتیں نہ کرتے۔ دُعا ہے اللہ تعالیٰ ایسے عقائد و نظریات سے بچائے۔ آمین

ہو درود تجھ پہ بھی آمنہ سلامُ اللہ علیہا
ترے چاند پر بھی سلام ہو
تری گود کتنی عظیم ہے
ملا جس کو ماہِ تمام ہے
آمنہ پاک ترا چاند مبارک تجھ کو
ہوں ترے چاند پہ قربان زمانے والے

حضرت سیدہ آمنہ سلامُ اللہ علیہا کا مذہب

حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے تمام آباء و اجداد سیدنا آدم علیہ السلام سے لے کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والدین کریمین علیہما السلام تک تمام کے تمام مسلمان ایماندار اور عقیدۂ توحید پر تھے۔ اللہ تعالیٰ عزوجل نے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے محبت بھرے انداز میں خطاب فرمایا:

وَ تَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ O (پ19 سورۃ الشعراء آیت 219)

''اور نمازیوں میں تمہارے دورے کو۔''

سید المفسرین حضرت سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما اس آیت کریمہ کی تفسیر اس طرح فرماتے ہیں:

اَرَادَ تَقَلُّبَكَ فِيْ اَصْلَابِ الْاَنْبِيَآءِ مِنْ نَّبِيٍّ اِلٰى نَبِيٍّ حَتّٰى اَخْرَجَكَ فِيْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

''کہ آیت تَقَلُّبَكَ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ گرامی کا پشتِ انبیاء کرام علیہم السلام میں گردش کرنا مراد ہے یعنی ایک نبی کی پشت مبارک سے دوسرے نبی کی پشت مبارک

میں تشریف فرما ہونا یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس امتِ مرحومہ میں مبعوث ہوئے۔“

وَقَدْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ وَ تَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ اَيْ تَقَلُّبَكَ مِنْ اَصْلَابٍ طَاهِرَةٍ مِّنْ اَبٍ بَعْدَ اَبٍ اِلٰى اَنْ جَعَلَكَ نَبِيًّا فَكَانَ نُوْرُ النُّبُوَّةِ ظَاهِرًا فِيْ اٰبَآئِهٖ۔

(الحاوی للفتاوٰی ج2 ص375، مسالک الحنفا ص35)

”بیشک تَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ کے متعلق ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایک پشت سے دوسری پشت کی طرف آتے رہے ایک باپ سے دوسرے باپ تک، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو نبی کر دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نورِ نبوت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے تمام آباء واجداد میں ظاہر ہوتا رہا۔“

امام المفسرین حضرت امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اسی آیت کریمہ کی تفسیر میں نقل فرماتے ہیں:

عَنِ ابْنِ جَرِيْرٍ عَنْ قَتَادَةَ وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ قَالَ فِي الْمُصَلِّيْنَ وَ اَخْرَجَ ابْنُ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهٖ وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ اَيْنَ كُنْتَ وَاٰدَمُ فِي الْجَنَّةِ فَتَبَسَّمَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ ثُمَّ قَالَ اِنِّيْ كُنْتُ فِيْ صُلْبِهٖ وَهَبَطَ اِلَى الْاَرْضِ وَاَنَا فِيْ صُلْبِهٖ وَرَكِبْتُ السَّفِيْنَةَ فِيْ صُلْبِ اَبِيْ نُوْحٍ وَقُذِفْتُ فِي النَّارِ فِيْ صُلْبِ اَبِيْ اِبْرٰهِيْمَ لَمْ يَلْتَقِ اَبَوَايَ قَطُّ عَلٰى سِفَاحٍ لَمْ يَزَلِ اللّٰهُ يَنْقِلُنِيْ مِنَ الْاَصْلَابِ الطَّيِّبَةِ اِلَى الْاَرْحَامِ الطَّاهِرَةِ مُصَفًّى مُّهَذَّبًا لَا تَتَشَعَّبُ

شُعۡبَتَانِ اِلَّا کُنۡتُ فِیۡ خَیۡرِھِمَا۔ (تفسیر دُرِ منثور ص98 ج5)

''ابن جریر جناب قتادہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ تَقَلُّبَکَ فِی السّٰجِدِیۡنَ سے مراد نمازی ہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے پوچھا آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر میرے ماں باپ قربان ارشاد فرمایئے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام جنت میں تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس وقت کہاں تھے۔ میری بات سن کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم خوب ہنسے یہاں تک کہ حضور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی داڑھیں مبارکہ نظر آنے لگیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا اس وقت میں ان کی پشت میں تھا، پھر جب وہ زمین پر تشریف لائے تب بھی ان کی پشت میں تھا، اور میں اپنے باپ نوح علیہ السلام کی پشت میں ہوتے ہوئے کشتی میں سوار ہوا، اپنے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پشت میں ہوتے ہوئے آگ میں پھینکا گیا، میرے والدین کریمین علیہم السلام کبھی بھی حرام کاری میں نہیں پڑے۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے طیب پشتوں سے طاہر رحموں کی طرف منتقل فرمایا، اور وہ تمام مرد وزَن صاحبان باصفا اور مہذب تھے۔ جب کسی سے دو شاخیں بنتیں تو مجھے ان میں سے سب سے بہتر شاخ اور قبیلہ ملتا رہا۔''

حضرت علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کریمہ کی تفسیر اس طرح کرتے ہیں:

اَلۡمُرَادُ مِنۡہُ تَقَلُّبَکَ مِنۡ اَصۡلَابِ الطَّاھِرِیۡنَ السّٰجِدِیۡنَ لِلّٰہِ اِلٰی اَرۡحَامِ الطَّاھِرَاتِ السَّاجِدَاتِ وَمِنۡ اَرۡحَامِ السَّاجِدَاتِ اِلٰی اَصۡلَابِ الطَّاھِرِیۡنَ اَیۡ الۡمُوَحِّدِیۡنَ وَالۡمُوَحِّدَاتِ حَتّٰی یَدُلَّ عَلٰی

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

اَنَّ اٰبَآءَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ کُلُّھُمۡ کَانُوۡا مُؤۡمِنِیۡنَ۔

(تفسیر مظہری ص89 ج7)

''اس سے یہ مراد ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پاکیزہ اور اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرنے والے مردوں کی پشت سے ان عورتوں کے رحم کی طرف منتقل ہوئے جو طاہرہ اور سجدہ کرنے والی تھیں۔ اور پھر ان طاہرات وساجدات کے رحموں سے ایسے پاکیزہ افراد کی طرف منتقل ہوئے جو سبھی اللہ تعالیٰ کی توحید پر قائم تھے۔ یہ آیت کریمہ اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے تمام آباء واجداد صاحبانِ ایمان وتوحید تھے۔''

سید الشعراء حضرت حافظ شمس الدین بن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کریمہ کی تفسیر اپنے اشعار میں کہتے ہیں:

تَنَقَّلَ اَحۡمَدُ نُوۡرًا عَظِیۡمًا
تَلَاۡءَ فِیۡ جِبَاہِ السَّاجِدِیۡنَا
تَقَلَّبَ فِیۡھِمۡ قَرۡنًا فَقَرۡنًا
اِلٰی اَنۡ جَآءَ خَیۡرُ الۡمُرۡسَلِیۡنَا

''سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نور پاک منتقل ہوتا رہا، اللہ پاک کے حضور سجدہ ریز لوگوں میں اس کی چمک دمک نظر آتی رہی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ان نورانی سجدہ ریزوں کی پشتوں میں پھرتے پھراتے خیر المُرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بن کر خود تشریف فرما ہوئے۔''

آخر میں حضور سید الانس والجانّ شفیع معظم نور مجسم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے فرامین مبارکہ نقل کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔ امید واثق ہے کہ تمام معترضین کی زبانیں بند ہو جائیں گی۔

رسول اللہ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

بُعِثْتُ مِنْ خَیْرِ قُرُوْنِ بَنِیْ اٰدَمَ قَرْنًا فَقَرْنًا حَتّٰی بُعِثْتُ مِنَ الْقَرْنِ الَّذِیْ کُنْتُ فِیْهِ

(صحیح بخاری شریف رقم الحدیث 3557 ص 503 ج البدایہ والنہایہ ص 256 ج 2)

"میں بنی آدم میں ہر دور کے بہترین زمانہ (خاندان) میں مبعوث ہوا یہاں تک کہ میں اس زمانہ وطبقہ میں آیا جس میں تم مجھے پاتے ہو۔"

امیر المومنین سیدنا حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی حدیث صحیح میں ہے:

لَمْ یَزَلْ عَلٰی وَجْهِ الدَّهْرِ (الْاَرْضِ) سَبْعَةُ مُسْلِمِیْنَ فَصَاعِدًا فَلَوْلَا ذٰلِكَ هَلَكَتِ الْاَرْضُ وَمَنْ عَلَیْهَا۔

"روئے زمین پر ہر زمانے میں کم از کم سات مسلمان ضرور رہے ہیں، ایسا نہ ہوتا تو زمین واہلِ زمین سب ہلاک ہوجاتے۔"

(شرح الزرقانی علی المواہب ص 204 ج 1)

مُفسّر القرآن حبر الامۃ حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے:

مَا خَلَتِ الْاَرْضُ مِنْ بَعْدِ نُوْحٍ مِّنْ سَبْعَةٍ یَّدْفَعُ اللّٰهُ بِهِمُ الْعَذَابَ عَنْ اَهْلِ الْاَرْضِ۔

"سیدنا نوح علیہ السلام کے بعد زمین کبھی بھی سات بندگانِ خدا سے خالی نہ رہی جن کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اہلِ زمین پر سے عذاب دور فرماتا ہے۔"

(شرح الزرقانی علی المواہب ص 204، الدرج المنفیہ ص 9)

حضور سید المرسلین ﷺ کا فرمان عالیشان ہے:

لَمْ یَزَلِ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ یَنْقِلُنِیْ مِنْ اَصْلَابٍ طَیِّبَةٍ اِلٰی اَرْحَامٍ طَاهِرَةٍ مُصَفًّی۔

''اللہ تعالیٰ مجھے ہمیشہ سے پاک پشتوں سے پاک رحموں میں منتقل فرماتا رہا ہے۔''
(تفسیر بحر المحیط، ابونعیم، دلائل النبوۃ، مواہب لدنیہ ص 34 ج 1 ص 167 ج 1)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ (پ 10، سورۃ التوبہ آیت نمبر 28)

''بیشک مشرک ناپاک ہیں۔''

فائدہ

مندرجہ بالا دلائل سے ثابت ہوا کہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نور پاک سجدہ کرنے والوں اور پاک پشتوں اور پاک رحموں میں منتقل ہوتا رہا۔ اور صحیح احادیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ ہر زمانہ میں روئے زمین پر کم از کم سات مسلمان بندگان مقبولِ خدا ضرور رہے ہیں۔ اور خود صحیح بخاری شریف کی حدیث سے ثابت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جن سے پیدا ہوئے وہ لوگ ہر زمانے میں خیارِ قرون سے تھے۔ اور آیت قرآنی ناطق ہے کہ کوئی کافر اگرچہ کیسا ہی شریف القوم، بالا نسب ہو وہ ناپاک ونجس ہے۔

پس یہ بات اظہر من الشّمس ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام آباء واجداد حضرت سیدنا آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام تک اور حضرت سیدہ حواء علیہا السلام سے لے کر حضرت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا تک تمام شریف خاندان والے، اعلیٰ نسب والے، حسین چہروں والے، پاکیزہ خصائل والے، مسلمان ایماندار اور عقیدہ توحید رکھنے والے تھے۔ حلیم الطبع، ملنسار اور مہمان نواز تھے۔

سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کے وصال شریف کا ایمان افروز حال

حضور شفیعِ معظم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر شریف جب چھ سال کی ہوئی تو

سیدۃ آمنہ سلام اللہ علیہا اُمِ ایمن اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اپنے قرابت داروں (بنونجار) سے ملانے اور اپنے شوہر نامدار سیدنا عبداللہ علیہ السلام کی قبر مبارک کی زیارت کے لئے مدینہ طیبہ لے گئیں۔ (سیرت ابن ہشام ص 51)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی والدہ ماجدہ کے ساتھ ایک ماہ تک مدینہ طیبہ میں تشریف فرما رہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہجرت کے بعد جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے سامنے اپنے بچپن کے مدینہ طیبہ میں زمانہ قیام کے حالات بیان فرمایا کرتے۔ جب بنونجار کے مکانوں سے گزرتے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے اس مکان میں مَیں اپنی والدہ ماجدہ کے ہمراہ ٹھہرا تھا۔ اور اس گھر میں میرے والد گرامی سیدنا عبداللہ علیہ السلام کی قبر مبارک ہے۔ اور اس تالاب میں مَیں نے تیرنا سیکھا تھا اور میں اس میدان میں انصار کے بچوں کے ساتھ جایا کرتا تھا۔

(دلائل النبوۃ ص 120 ج 1)

حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ جب میں اپنی والدہ ماجدہ کے ساتھ مدینہ طیبہ میں تھا تو ایک دن ایک یہودی نے جو مجھے بار بار دیکھ رہا تھا۔ کہا:

فَقَالَ لِیْ یَا غُلَامُ مَآ اسْمُكَ ؟ قُلْتُ اَحْمَدُ وَنَظَرَ اِلٰی ظَهْرِیْ فَسَمِعْتُهٗ یَقُوْلُ هٰذَا نَبِیُّ هٰذِهِ الْاُمَّةِ ثُمَّ رَاحَ اِلٰٓی اِخْوَانِیْ فَاَخْبَرَهُمْ فَاَخْبَرُوْٓا اُمِّیْ فَخَافَتْ عَلَیَّ فَخَرَجْنَا مِنَ الْمَدِیْنَةِ۔

(سیرت حلبیہ ج 1 ص 57، دلائل النبوۃ ص 119، خصائص کبریٰ ج 1 ص 79، طبقات ابن سعد ج 1 ص 116)

"مجھ سے کہا! اے لڑکے تیرا نام کیا ہے؟ میں نے کہا، احمد۔ پھر اُس نے میری پشت پر (مہر نبوت) کو دیکھا تو میں نے سنا کہ وہ کہہ رہا تھا کہ یہ اس امت کا نبی ہے۔ پھر اُس نے میرے بھائیوں (بنونجار) کو اس بات

کی خبر دی اور انہوں نے میری والدہ ماجدہ کو بتایا تو وہ میرے معاملے میں یہودیوں کی عداوت سے خوف زدہ ہوئیں اور ہم مدینہ سے نکلے۔"

حضرت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا اس کے بعد فوراً حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لے کر مدینہ طیبہ سے مکہ معظّمہ کو روانہ ہوئیں۔ جب مقام ابواء میں پہنچیں تو سخت بیمار ہو گئیں، آخر رحلت کا وقت آ پہنچا۔

ام ایمن رضی اللہ عنہا کی گود میں سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کا سر مبارک ہے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی شفیق و مہربان امّی جان کے سرہانے تشریف فرما ہیں۔ حضرت سیدۃ آمنہ سلام اللہ علیہا نے اپنے محبوب لختِ جگر کے چہرے کی طرف دیکھا اور کہا:

بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ مِنْ غُلَامٍ

يَا ابْنَ الَّذِيْ مِنْ حَوْمَةِ الْحَمَامِ

"اے پیارے بیٹے اللہ تعالیٰ تجھے برکت دے

تو اس کا فرزند ہے جس نے موت کی مصیبت سے نجات پائی۔"

نَجَا بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْعَلَّامِ

فُوْدِيَ غَدَاةَ الضَّرْبِ بِالسِّهَامِ

"بہت علم والے بادشاہ اللہ تعالیٰ کی مدد سے

جب صبح کے وقت (حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے اپنی نذر پوری کرنے کیلئے اُسکے بھائیوں کے درمیان) قرعہ ڈالا (تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد گرامی کا نام نکلا)۔"

بِمِائَةٍ مِنْ اِبِلٍ سَوَامٍ

اِنْ صَحَّ مَا اَبْصَرْتُ فِي الْمَنَامِ

"ان کے عوض ایک سو قیمتی اونٹ قربان کئے گئے۔

اگر وہ صحیح ہوا جو کچھ میں نے خواب میں دیکھا تھا۔"

فَاَنْتَ مَبْعُوْثٌ اِلَی الْاَنَامِ
مِنْ عِنْدِ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

''تو پھر تو سارے جہان کی طرف پیغمبر بنایا جائے گا۔
اللہ ذوالجلال والاکرام کی طرف سے۔''

تُبْعَثُ فِی الْحِلِّ وَ فِی الْحَرَامِ
تُبْعَثُ فِی التَّحْقِیْقِ وَ الْاِسْلَامِ

''اور تو سرزمین حرم (مکہ معظّمہ) اور حلال (کُل روئے زمین) میں
پیغمبر ہوگا حق و باطل کو ظاہر کرنے والا اور دینِ اسلام کو پھیلانے والا۔''

دِیْنُ اَبِیْكَ الْبِرِّ اِبْرَاهَامِ
فَاللّٰهُ اَنْهَاكَ عَنِ الْاَصْنَامِ

''اور وہ دین جو تیرے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا دین ہے (وہ ابراہیم جو محسن و مطیع
تھے) اللہ تعالیٰ تجھے بتوں کی پرستش سے باز رکھے گا۔''

اَنْ لَّا تُوَالِیَهَا اِلَی الْاَقْوَامِ

''کہ لوگوں کے ساتھ مل کر کبھی بھی ان کی تعظیم نہ کرنا۔''

(سیرت حلبیہ ج 1 ص 57، مواہب لدنیہ ج 1 ص 33، مسالک الحنفاء ص 42، دلائل النبوۃ، خصائص کبریٰ
ص 165 ج 1)

ثُمَّ قَالَتْ کُلُّ حَیٍّ مَیِّتٌ وَ کُلُّ جَدِیْدٍ بَالٍ وَ کُلُّ کَبِیْرٍ یَفْنٰی
وَاَنَا مَیِّتَةٌ وَذِکْرِیْ بَاقٍ وَقَدْ تَرَکْتُ خَیْرًا وَّوَلَدْتُ طُهْرًا۔

''پھر فرمایا ہر زندہ مرے گا اور ہر نئی چیز پرانی ہوگی اور ہر بڑے سے
بڑا فنا ہوگا اور میں مرجاؤں گی مگر میرا ذکر باقی رہے گا۔ کیونکہ میں نے
طیب و طاہر کو جنا ہے۔''

(سیرت حلبیہ ج 1 ص 57، مواہب لدنیہ ج 1 ص 33، مسالک الحنفا ص 42، دلائل النبوۃ، خصائص کبریٰ
ص 65 ج 1)

سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا نے مندرجہ بالا اشعار اور کلام کرنے کے بعد آنکھیں بند کرلیں اور آپ سلام اللہ علیہا کی روح مبارک آپ کے جسم سے جنت عدن کی طرف پرواز کرگئی اور اُسی جگہ آپ سلام اللہ علیہا کو دفن کردیا گیا۔

حضرت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کے وصال شریف کے حالات اور آپ کے اشعار اور کلام کو پڑھیں! اور بتائیں معاذ اللہ یہ کسی کافرہ کا کلام ہے یا مومنہ کا؟ اگر آپ سلام اللہ علیہا کے سینے میں ایمان اور انصاف کا ایک ذرّہ بھی ہوا تو آپ جواب یہ دیں گے! کہ بیشک یہ کلام تو اللہ تعالیٰ کی خاص ولیہ مومنہ کا اپنے لختِ جگر کے نام وصیت نامہ اور توحید باری تعالیٰ پر استقامت کی دعا ہے۔

مقام ابواء شریف اور مزارِ پُرانوار حضرت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

ابواء شریف یہ مقام مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ کے درمیان ہے۔قدیم شاہراہ جو مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ جاتی ہے اس پر ایک گاؤں مستورہ کے نام سے آتا ہے جس جگہ ہوٹل اور قہوہ خانے ہیں۔آنے جانے والی بسیں اور کاریں یہاں رکتی ہیں۔مسافر حضرات چائے پانی پیتے ہیں۔کھانا کھاتے ہیں۔یہاں سے مدینہ طیبہ جاتے ہوئے دائیں طرف چند میل کے فاصلہ پر ''ابواء شریف'' نام کی بستی ہے۔بستی سے باہر ایک اونچا ٹیلہ ہے۔اردگرد جھاڑیاں اور کیکر کے درخت ہیں۔اس ٹیلہ پر حضرت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کا مزار پرانوار ہے۔مزار شریف کی کیفیت یہ ہے کہ کالے پتھر توڑ کر ایک جگہ ڈھیر سا لگا دیا گیا ہے۔اس کے اردگرد چار دیواری ہے جو انہیں کالے پتھروں کو جوڑ کر بنادی گئی ہے۔

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

اَللّٰہُ جل جلالہ

اسم جلالت

جو شخص نماز جمعہ سے قبل طہارت وصفائی اور سکون قلب کے ساتھ ایک سو (100) مرتبہ ان اس اسم کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کیلئے تمام امور آسان فرمادے گا۔

سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار جن کی سب سے زیادہ تعریف کی گئی

ساری مخلوق سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے رب کائنات کی بہت حمد فرمائی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اس قدر تعریف فرمائی اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کہہ کی تعریف فرمائی۔اسی بنا پر آپ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں۔اسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 92 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے تمام مشکلیں آسان ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا عَبْدُ اللہ علیہ السلام

اللہ کا بندہ

یہ اسم مبارک قربِ الٰہی کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ اٰمِنَۃُ علیہا السلام

سیدہ آمنہ علیہا السلام

یہ اسم مبارک ہر طرح کی امن وسلامتی کے حصول کیلئے 96 مرتبہ روزانہ پڑھیں

آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبد اللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ★ آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبد اللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

اَلرَّحْمٰنُ جل جلالہ

بہت رحم کرنے والا

جوشخص اس اسم مبارک کوسو(100)مرتبہ ہرنماز کے بعد پڑھےتو تمام آفاتِ دنیاوی سے محفوظ رہے گا۔اور تمام مخلوق اس پرمہربان ہوگی۔

سَیِّدُنَا اَحْمَدُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردارسب سے زیادہ حمد کرنیوالا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ اسم مبارک آپ کی ولادت باسعادت سے پہلے ہی رکھا گیا۔چنانچہ عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا۔میں بشارت دیتا ہوں کہ میرے بعد ایک شان والا رسول آئے گا۔اُس کا نام احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوگا۔(القرآن)

اسم احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 53مرتبہ روزانہ پڑھنے سے لوگوں میں عزت ومرتبہ ملے گا خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب وکامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا ابُو الْمُصْطَفٰی علیہ السلام

حضور سرورکونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد گرامی

یہ اسم مبارک محبت رسول میں برکت کیلئے 8مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ بِنْتُ سَیِّدِ بَنِیْ زَهْرَۃَ علیہا السلام

سیدہ بنوزھرہ کی لخت جگر

یہ اسم مبارک حصول خیروبرکت کیلئے 4مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلرَّحِیۡمُ جل جلالہ

بہت مہربان

جو شخص اس اسم مبارک کو یومیہ ہر نماز کے بعد سو (100) بار پڑھے گا اس کے دل میں رقّت وشفقت پیدا ہوگی۔ پلیٹ میں لکھ کر دھو کر پانی کسی جڑ میں ڈالیں تو پھل زیادہ آئے گا۔ بعطائے الٰہی کامیابی حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا حَامِدٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار تعریف کرنے والا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ محترمہ سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں میں نے خواب میں دیکھا کوئی کہنے والا کہتا ہے کہ اے آمنہ تیرے شکم میں ساری مخلوق سے بہتر اور سب کے سردار جلوہ افروز ہیں ان کا نام محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رکھنا کیوں کہ تورات میں ان کا نام حامد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے

(الریاض الانیقہ ص 139)

اسم حامد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 50 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے تمام عزیز واقارب میں تعریف ہوگی۔ اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا نُورٌ تَجَلّٰی مِنۡ سَلَالَةِ اِبۡرَاهِیۡمَ علیہ السلام

یہ اسم مبارک صفائی قلب کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ وَالِدَةُ سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ علیہا السلام

سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ

یہ اسم مبارک حصول برکات کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمَلِكُ جل جلالہ

بادشاہ

جو شخص بعد نماز فجر اس اسم مبارک کو سو (100) مرتبہ ہمیشہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے غنی کر دے گا اور اس کے جاہ و مرتبہ میں زیادتی فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا مَحْمُوْدٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار تعریف کئے ہوئے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ صفاتی نام ہے۔ حضرت قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ آپ کا یہ نام زبور میں بھی ہے۔ نیز حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آپ کا نام مبارک آسمانوں میں محمود صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم محمود صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (100) مرتبہ روزانہ پڑھنے والا تمام احباب میں معزز ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا صَفِیُّ الْکَوْنِ علیہ السلام

پوری کائنات میں سب سے بڑی سعادت کیلئے منتخب ہستی

یہ اسم مبارک بلندی کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ قُمَّۃُ شَرَفِ الْاُمَّۃِ علیہا السلام

شرف مادریت کی آخر بلندی

یہ اسم مبارک حصول اولاد کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْقُدُّوْسُ جل جلالہ

پاک

جو شخص زوال کے وقت اس اسم مبارک کو ہمیشہ پڑھے اس کا دل امراض روحانیہ سے پاک ہوگا یعنی حسد، کینہ، حرص، خود غرضی وغیرہ سے۔

سَیِّدُنَا قَاسِمٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار تقسیم کرنے والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود فرمایا اللہ تعالیٰ مجھے عطا فرماتا ہے اور میں (تقسیم کرنے والا) قاسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوں۔ (بخاری شریف)

اسم قاسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 201 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے رزق میں بہت برکت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا الْمُحِیْطُ الزَّاخِرُ فِی قَطْرَۃٍ علیہ السلام

ایک قطرے کی آغوش میں پُورا بحر بیکراں سمٹا ہوا

یہ اسم مبارک حصول علم کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ کَاشِفَۃُ اَسْرَارِ الْمَعْرِفَتِ علیہا السلام

اسرار معرفت سے حجاب اٹھانے والی ہستی

یہ اسم مبارک علم کی زیادتی اور برکت کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّلَامُ جل جلالہٗ

سلامت رکھنے والا

جو شخص اس اسم مبارک کو مریض کے سر پر ہاتھ رکھ کر 130 بار باآواز بلند پڑھے تو مریض کو شفا حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا عَاقِبٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار پیچھے آنے والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے خود فرمایا میرا نام عاقب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے اور عاقب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ ہے جس کے بعد کوئی نبی نہیں۔ (بخاری، مسلم، مشکوٰۃ)

اسمِ عاقب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 178 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے کاروبار میں برکت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا اَبْھٰی نُفُوْسُ الْعَالَمِ علیہ السلام

کائنات کے تمام انسانوں میں سب سے بڑھ کر چمکتا وجود

یہ اسم مبارک چہرہ کی نورانیت میں اضافے کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ رِدَاءُ مَجْدِ الْکَوْنِ علیہا السلام

ردائے عظمت کائنات

یہ اسم مبارک حصول عزت وشرف کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُؤْمِنُ جل جلالہ

امن دینے والا

جو شخص خوف کے وقت اس اسم شریف کو 630 بار پڑھے گا ہر قسم کے خوف سے محفوظ رہے گا۔ اس کے مال وجان کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچے گا۔

سَیِّدُنَا فَاتِحٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار کھولنے والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود ایک جگہ پر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے فاتح بنا کر بھیجا ہے، اور میں خاتم ہوں اور مجھے جامع فاتح کلمے دیئے گئے ہیں۔ (مشکوٰۃ)

اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام فاتح صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسمِ فاتح 489 صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مرتبہ روزانہ پڑھنے سے مال ودولت میں کشادگی ہوگی اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا وَالِدُ سَیِّدِ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ علیہ السلام

اس ہستی کے والد گرامی جو تمام انسانوں اور جنوں کے سردار ہیں

یہ اسم مبارک سطوت ودبدبہ میں اضافے کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ حَاضِنَۃُ جَمَالِ الْمُصْطَفٰی علیہا السلام

جمالِ مصطفیٰ کو آغوش میں لینے والی

یہ اسم مبارک اولاد کی برکت کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُھَیْمِنُ جل جلالہ

نگہبان

جو شخص غسل کر کے دو رکعت نماز ادا کرے اور خلوت میں خلوص قلب سے اس اسم مبارک کو 100 بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے ظاہر و باطن کو صاف فرمائے گا۔ اس پر اسرارِ الٰہی منکشف ہونے لگیں گے۔

سَیِّدُنَا شَاھِدٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار مشاہدہ کرنے والے

قرآن پاک کی سورۃ احزاب میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم نے آپ کو شاہد اور مبشر اور نذیر بنا کر بھیجا ہے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک شاہد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم شاہد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 310 مرتبہ روزانہ پڑھنے والا لوگوں میں محبوب ہوگا۔

اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوئی۔

سَیِّدُنَا نُوْرٌ یُّحِیْطُ الْاَکْوَانِ علیہ السلام

وہ نور جس کا احاطہ ہے سب کونین

یہ اسم مبارک شہرت و دولت کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ نَبْعُ الْحَیَاۃِ الْخَالِدَۃِ لِلْوَرٰی علیہا السلام

مخلوق کی حیات جاودانی کا چشمہ

یہ اسم مبارک حصول برکات کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْعَزِيْزُ جل جلالہ

غالب

جو شخص چالیس روز تک یومیہ چالیس مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے دنیا میں معزز و محترم کرے گا۔ حتیٰ کہ وہ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔

سَیِّدُنَا حَاشِرٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار جمع کرنے والے

قیامت کے دن سب لوگوں سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی قبر انور سے اٹھ کر میدان حشر میں تشریف لائیں گے۔ پھر بعد میں تمام لوگ اپنی اپنی قبروں سے نکل کر میدان محشر میں جمع ہوں گے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک حاشر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم حاشر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 509 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر میدان میں فتح حاصل ہوگی۔ اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوئی۔

سَیِّدُنَا سِمَةُ الْفَخْرِ لِاٰلِ عَدْنَانَ علیہ السلام

سب آل عدنان کیلئے سراپا ناز ہستی

یہ اسم مبارک حصول برکات کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ اِسْمِیْ نُزَاهَةِ الْقُدُسِ علیہا السلام

پارسائی قدس کی رفعت

یہ اسم مبارک حصول پاکیزگی ظاہر و باطن کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْجَبَّارُ جل جلالہ

سب سے زبردست

جو شخص ہمیشہ صبح و شام 226 بار اس اسم مبارک کو پڑھے گا ان شاء اللہ ظالموں کے ظلم و قہر سے محفوظ رہے گا۔

سَیِّدُنَا مَاحِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار مٹانے والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود فرمایا کہ میرا نام ماحی ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے ذریعہ کفر کو مٹاتا ہے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک مَاحِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم ماحِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 50 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے تمام برے کام چھوٹ جاتے ہیں۔ بعطائے الٰہی کامیابی حاصل ہو گی۔

سَیِّدُنَا وَرِیْثُ فَضَائِلِ آبَاءِہٖ علیہ السلام

اپنے سب آباد و اجداد کے فضائل کا تاج وراثت لئے ہوئے

یہ اسم مبارک حصول بزرگی کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ نَفْسُ کَرِیْمَۃٌ علیہا السلام

نفیس جان

یہ اسم مبارک حصول نفاست قلب کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُتَکَبِّرُ جل جلالہ

بڑائی والا

جو شخص بیوی کے پاس جاتے وقت اس اسم مبارک کو 10 مرتبہ پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے نیک لڑکا عطاء فرمائے گا۔ اس اسم مبارک کی کثرت سے عزت و جاہ حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا دَاعٍ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار بلانے والے

قرآن پاک کی سورہ احزاب آیت نمبر 46 میں ہے۔ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ تعالیٰ کی طرف بلانے والے ہیں اس کے حکم سے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم مبارک داع صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔ اسم داع صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 75 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے مکہ اور مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حاضری نصیب ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا اَبْلَغُ آیَاتِ الْفَخْرِ علیہ السلام

کل مخلوقات کے سامنے دمکتی فخر و امتیاز کی روشن آیت

یہ اسم مبارک حصول بلندی اور مرتبہ کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ سَامِیَۃُ وَرَاءِ اُفُقِ الْکَمَالِ علیہا السلام

ماورائے افق کمال کی اونچائی

یہ اسم مبارک زندگی میں حصول کمال کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْخَالِقُ جل جلالہ

پیدا کرنے والا

جو شخص نصف شب میں ایک گھنٹہ اس اسم مبارک کا ورد کرے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اس کا دل نورِ ایمان سے منور فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا سِرَاجٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار چراغ

قرآن پاک میں ہے۔ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا (احزاب 46) اور روشنی آفتاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آسمان ہدایت کے آفتاب منیر ہیں۔ اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک سراج صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ اس اسم مبارک کا ورد کرنے سے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا تَجْسِیْدٌ لِکَرَمِ النُّبُوَّۃِ علیہ السلام

وہ پیکر ہستی جو کرم نبوت کا مرقع بن کر چمکا

یہ اسم مبارک حصول برکات کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ ذَرْوَۃُ حَیَاۃِ النُّوْرِ علیہا السلام

نور کی حیات کی چوٹی

یہ اسم مبارک صحت و تندرستی کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْبَارِئُ جل جلالہ

عالم کا بنانے والا

اگر بانجھ عورت سات روز روزے رکھے اور پانی سے افطار کرنے کے بعد 21 مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے تو اسے ان شاء اللہ اولادِ نرینہ نصیب ہوگی۔

سَیِّدُنَا رَشِیْدٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار نیک (جو راہِ راست پر ہوں)

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، بے شک آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سیدھے راستے پر ہیں اور دوسروں کو بھی راہِ راست کی ہدایت دیتے ہیں اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم مبارک رشید صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

اسمِ رشید صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 500 مرتبہ پڑھنے سے پرہیز گاری حاصل ہوگی۔

بعطائے الٰہی کامیابی حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا صُبْحُ نُوْرِ الْبَطْحَاءِ علیہ السلام

بطحا کی وادی میں صبح نور کی تابانی امنڈتی ہوئی

یہ اسم مبارک حصول تابانی قلب کیلئے 11 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ رَوْعَۃُ التَّجَلِّیَاتِ الْمُحَمَّدِیَّۃِ علیہا السلام

تجلیات محمدیہ کی جھلک

یہ اسم مبارک حصول روحانیت کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُصَوِّرُ جل جلالہ

صورت بنانے والا

اگر بے اولاد عورت اس اسم مبارک پر یوں عمل کرے کہ سات روزے رکھے افطار کے وقت ان تینوں اسماء یَا خَالِقُ یَا بَارِئُ، یَا مُصَوِّرُ 21 مرتبہ پڑھ کر ایک پانی کے گلاس پر دم کر کے روزہ افطار کرے تو ان شاء اللہ اسے اولاد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا مُنِیْرٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار نور والے

قرآن پاک کی سورہ احزاب کی آیت 46 میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آسمان ہدایت کے آفتاب منیر ہیں۔ اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک منیر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم منیر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کا دل منور ہوگا۔
اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا سِمَةُ الْعَظْمَةِ الْبَشَرِیَّةِ علیہ السلام

عظمتِ بشریت کی تابندہ علامت

یہ اسم مبارک حصول عظمت و رفعت کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ حَنَّانُ الْاُمِّ الرُّؤُوْمِ علیہا السلام

ممتا میں گندھی مشتاق ماں

یہ اسم مبارک بچوں میں پیار و محبت کے حصول کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْغَفَّارُ جل جلالہ

بہت بڑا بخشنے والا

جو شخص نماز جمعہ کے بعد اس اسم مبارک کو 100 مرتبہ پڑھے تو ان شاء اللہ اس کی مغفرت کے آثار ظاہر ہونے لگیں گے اور ہر تنگی رفع ہوگی اور بے شمار رزق حاصل ہوگا۔

سَیِّدُنَا بَشِیْرٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار خوشخبری دینے والے

قرآن پاک کی سورہ مائدہ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خوشخبری دینے والا بنا کر بھیجا ہے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک بشیر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسمِ بشیر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، 300 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر سمت خوشی حاصل ہوگی۔ بعطائے الٰہی کامیابی حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا ذَبِیْحُ اللہِ علیہ السلام

وہ جن کو نام خُدا پر ذبح کرنا ایک البیلی نذر کا حاصل ٹھہرا

یہ اسم مبارک حصول رضائے الٰہی کیلئے 3 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ نُزَاھَۃُ الْاِحْسَاسِ علیہا السلام

احساس کی پارسائی

یہ اسم مبارک حصول عزت وکمال کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْقَهَّارُ جل جلالہ

سب کو اپنے قابو میں کرنے والا

جو شخص اس اسم مبارک کا کثرت سے ورد کرے اسے دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی۔ جو شخص سحر کی بنا پر عورت پر قادر نہ ہو یہ اسم چینی کے برتن پر لکھ کر دھو کر پیئے تو سحر دور ہو جائے گا۔

سَیِّدُنَا نَذِیْرٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار ڈرانے والے

قرآن پاک کی سورہ حجر آیت نمبر 89 میں ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرمایئے کہ میں بے شک (عذاب الٰہی سے) کھلا ڈرانے والا ہوں۔ اس بنا پر آپ ا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم مبارک نذیر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

اسم نذیر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 260 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے تمام دشمن مغلوب ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا الْمُسْتَعِدُّ لِتُضْحِیَّةِ النَّفْسِ علیہ السلام

وہ سراپا تسلیم پیکر جس نے اپنی جان خدا کے نام پر نچھاور کرنے کو بخوشی قبول کر لیا

یہ اسم مبارک حصول رضائے الٰہی کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ اَرْوَعُ جَمَالِ النَّاظِرَةِ علیہا السلام

جمال فطرت کی شان و شوکت

یہ اسم مبارک حصول سطوت و دبدبہ کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْوَهَّابُ جل جلالہ

عطا کرنے والا

جو شخص بعد نماز فجر اس اسم مبارک کا 300 مرتبہ ورد کرے اول آخر گیارہ بار درود پڑھے اور دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے کشادہ فرمائے گا۔

سَيِّدُنَا هَادٍ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار ہدایت دینے والے

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ بے شک آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تو (کافروں، منافقوں کو عذاب الٰہی سے) ڈرانے والے ہیں اور ہر قوم کے لئے ہدایت دینے والے ہیں۔ اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام مبارک **هَادٍ** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔ اسم **هَادٍ** صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے خاتمہ ایمان پر ہوگا۔ خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب و کامران ہوگا۔

سَيِّدُنَا خَيْرُ الرِّجَالِ اَرُوْمَةً علیہ السلام

سلسلۂ نسب کی عظمتوں میں کل کائنات سے بہتر ہستی

یہ اسم مبارک حصول بزرگی کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّيِّدَةُ بَرَكَةُ اللهِ فِي الْعَالَمِ علیہا السلام

جہان خدا میں برکت خُدا

یہ اسم مبارک حصول برکات کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلرَّزَّاقُ جل جلالہ

روزی دینے والا

جو شخص نماز صبح سے قبل مکان کے چاروں کونوں میں دس دس مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر رزق کی کشادگی فرمائے گا۔ یہ عمل قبلہ کی داہنی جانب سے شروع کیا جائے۔

سَیِّدُنَا مُهْدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار ہدایت دینے والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہدایت یافتہ ہیں بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعہ سے سب کو ہدایت نصیب ہوئی ہے۔ اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک مُهْدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم مُہد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 60 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دنیا وآخرت میں کامیابی ملے گی۔ خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب وکامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا زُبْدَۃُ اٰلِ ہَاشِمْ علیہ السلام

آل ہاشم کا وہ نگینہ جو خاندانی شرف کا مان ہے۔

یہ اسم مبارک حصول بلند مرتبہ کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ نَادِرَۃُ الْمَوَاہِبِ علیہا السلام

عطیات نادرہ کی ملکہ

یہ اسم مبارک حصول عنایات باری تعالیٰ کیلئے 11 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْفَتَّاحُ جل جلالہٗ

کھولنے والا

جو شخص نماز فجر کے بعد دونوں ہاتھ سینہ پر رکھ کر ستر (70) مرتبہ اس اسم کا ورد کرے گا۔اس کا دل ہدایت وایمان سے منور ہوگا۔

سَیِّدُنَا رَسُوْلُ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار بھیجا ہوئے

قرآن پاک میں عظمت وبزرگی والے اسم مبارک کا ذکر کثرت سے آیا ہے۔قران مجید کی 37 سورتوں میں 137 جگہ لفظ رسول ذکر کیا گیا ہے۔اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم مبارک رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

اسم رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 200 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دنیا کے ہر کام میں برکت ہوگی۔ خداوند کریم کے کرم سے کامیاب وکامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا اُفُقُ السَّیَّادَۃِ علیہ السلام

شان سیادت کا بہت اونچا ماورائی افق

یہ اسم مبارک حصول سیادت وقیادت کیلئے 3 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ اَقْصٰی دَرَجَاتِ الْکَمَالِ علیہا السلام

درجات کمال کی غایت

یہ اسم مبارک حصول بلندی مرتبہ کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلعَلِیمُ جل جلالہ

وسیع علم والا

جو شخص اس اسم مبارک کی کثرت کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر اپنے علم ومعرفت کے دروازے کشادہ فرمائے گا۔ اور اس کا حافظہ قوی ہوگا۔

سَیِّدُنَا نَبِیٌّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار غیب کی خبر دینے والے

قرآن پاک میں یہ پیارا اسم مبارک گیارہ سورتوں میں 25 مرتبہ آیا ہے۔ اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 62 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے علم وعمل میں برکت حاصل ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا مِرآۃُ الْحَقِیقَۃِ الْمُحَمَّدِیَّۃِ علیہ السلام

وہ آئینہ جس میں حقیقت محمدی علی صاحبہا التحیہ والتسلیم کے جلوے دمک رہے تھے۔ یہ اسم مبارک حصول روحانیت کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

اَلسَّیِّدَۃُ غَبطَۃُ الشُّعُورِ الدَّائِمِ علیہا السلام

دائمی وجدان کی شادمانی

یہ اسم مبارک حصول دائمی خوشی کے لئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْقَابِضُ جل جلالہ

روزی تنگ کرنے والا

جو شخص روٹی کے چار لقموں پر اس اسم مبارک کو لکھ کر چالیس دن تک کھائے گا بھوک، پیاس، زخم اور درد وغیرہ کی تکلیف سے محفوظ رہے گا۔

سَیِّدُنَا طٰہٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار طلب کرنے والے شفاعت کے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود فرمایا کہ قرآن میں میرے سات نام ہیں ان میں ایک طٰہٰ ہے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک طٰہٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم طٰہٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو 100 مرتبہ پڑھنے سے قیامت کے روز سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی۔ خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب وکامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا وَلِیُّ النِّعَمِ لِلْاَکْوَانِ علیہ السلام

جتنی بھی کائنات ہے سب کیلئے خدائی نعمتوں کا انمول وسیلہ

یہ اسم مبارک حصول نعمت خداوندی کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ مَھْبَطُ الْاَنْوَارِ الْاِلٰھِیَّةِ علیہا السلام

نزول گاہ انوار الٰھیہ

یہ اسم مبارک حصول انوار وتجلیات کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْبَاسِطُ جل جلالہ

روزی فراخ کرنے والا

جو شخص چاشت کے بعد آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر 10 بار روزانہ یہ اسم مبارک پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے غنی فرما دے گا اور کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

سَیِّدُنَا یٰسٓ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اے ہمارے سردار

تفسیر کبیر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ میرے رب کے نزدیک میرے 10 نام ہیں ان اسماء سے ایک یٰسین ہے۔ 10 سے زیادہ کی نفی نہیں ہے۔ اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک یٰسین ہے۔

اسم یٰسین 80 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر جگہ عزت و مرتبہ حاصل ہوگا۔

خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب و کامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا یَنْبُوْعُ الرَّحْمَۃَ الْاَبَدِیَّۃِ علیہ السلام

سب جہانوں کو ہمیشہ سیراب کرنے والی ابدی رحمت کا سرچشمہ

یہ اسم مبارک لازوال ابدی نعمتوں کے حصول کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ عَبِیْرُ اَزْھَارِ الْحَرَمِ علیہا السلام

گل ہائے حرم کی نگہت

یہ اسم مبارک گھر میں برکات کے حصول کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْخَافِضُ جل جلالہ

پست کر دینے والا

جو شخص روزانہ پانچ سو مرتبہ اِس اسم مبارک کو پڑھے گا اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی اور اس کی تمام مشکلات دور ہوں گی۔

سَیِّدُنَا مُزَّمِّلُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے کمبل اوڑھنے والے

تبلیغ رسالت سے پہلے ابتداء وحی میں اس اسم مبارک سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مخاطب کیا گیا قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے کمبل اوڑھنے والے اسی بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک مزمل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم مزمل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 114 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے کاروبار میں برکت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا اَوْجُ الشَّرْفِ الْاِنْسَانِیّ علیہ السلام

شرف انسانی کا اوج

یہ اسم مبارک حصول بلند مرتبہ کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ نَسِیْمُ الْحِکْمَۃِ الرَّبَّانِیَّۃِ علیہا السلام

حکمت ربانیہ کی بادِ بہار

یہ اسم مبارک حصول علم و حکمت کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلرَّافِعُ جل جلالہ

بلند کر دینے والا

جو شخص اس اسم مبارک کا دن اور رات میں 101 مرتبہ ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو عزت، دولت اور اہلیت میں بلندی عطا فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا مُدَّثِّرٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار چادر اوڑھنے والے

نزول وحی کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چادر لپیٹے ہوئے تھے تو اللہ تعالیٰ نے بڑے پیارے انداز میں فرمایا اے چادر اوڑھنے والے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک مدثر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم مدثر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دنیا و آخرت میں اعلیٰ مقام ملے گا۔ اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا بَهِیْجُ النَّفْسِ علیہ السلام

فرحتوں اور لطافتوں سے جگمگاتا ہوا پیکر

یہ اسم مبارک حصول شادمانی کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ بَهَاءُ طَلْعَةِ الرِّسَالَةِ علیہا السلام

طلعت رسالت کی بھجت

یہ اسم مبارک حصول کامیابی و کامرانی کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُعِزُّ جل جلالہ

عزت دینے والا

جو شخص پیر یا جمعہ کے دن بعد نماز مغرب ایک سو چالیس مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں میں باعزت اور باوقار بنادے گا۔

سَیِّدُنَا شَفِیْعٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار شفاعت کرنے والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں اپنی امت کے (بھول کر) کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لئے شفاعت کرنے والا ہوں گا۔ (ترمذی شریف) اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک شفیع صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم شفیع صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 150 مرتبہ روزانہ پڑھنے والا روز قیامت امن میں ہوگا۔ بعطائے الٰہی کامیابی حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا اَرْوَعُ صَنْعِ اللہِ علیہ السلام

خدا کی تخلیق کا سب سے اچھوتا پیکر

یہ اسم مبارک حصول خیر و برکت کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ اٰمِنَۃُ الْجَمَالِ الْقُدُسِ علیہا السلام

امانتِ جمال قدسی

یہ اسم مبارک حصول امن و سلامتی کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُذِلُّ جل جلالہ

ذلت دینے والا

جو شخص پچھتر مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر سر بسجود ہو کر دعا کرے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اس کو حاسدوں، ظالموں اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھے گا۔

سَیِّدُنَا خَلِیْلٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار سچے دوست

ابو یعلیٰ نے معراج کی حدیث میں روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بے شک میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اپنا سچا دوست بنایا ہے۔ (سیرت محمدیہ) اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم مبارک خلیل صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔ اسم خلیل صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 670 مرتبہ روزانہ پڑھنے والا اللہ و رسول کا محبوب ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا قَنْطَرَۃِ الْکَرَمِ علیہ السلام

مخلوق خدا کے لئے جود و کرم کا خزانہ

یہ اسم مبارک حصول دلی استغنا کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ نَسَمَۃُ ضِیَاءِ الْکَوْنِ علیہا السلام

جانِ ضیائے کائنات

یہ اسم مبارک حصول روحانیت قلب کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّمِیْعُ جل جلالہ

سب کچھ سننے والا

جو شخص جمعرات کے روز چاشت کی نماز کے بعد پچاس مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے تو اس کی دعائیں قبول ہوں گی۔

سَیِّدُنَا کَلِیْمٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار کلام کرنے والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بغیر کسی اختلاف کے شب معراج اللہ تعالیٰ سے ہمکلامی کا شرف حاصل کیا اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک کلیم ہے۔

اسم کلیم 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے نکیرین کے جواب میں آسانی ہوگی۔ بعطائے الٰہی کامیابی حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا دِیْبَاجَۃُ نُوْرِ النُّبُوَّۃِ علیہ السلام

نور نبوت کی عنقریب دمکنے والی تابانیوں کا پیش خیمہ

یہ اسم مبارک حصول نورانیت قلب کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ نَجْدَۃُ اَرْفَعِ الْبَشَرِیَّۃِ علیہا السلام

بشریتِ انسانی کا مقام رفیع

یہ اسم مبارک حصول مقام ورفعت 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْبَصِیْرُ جل جلالہ

سب کچھ دیکھنے والا

جو شخص جمعرات کے روز نماز صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس اسم مبارک کو 100 مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو ہدایت سے منور فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا حَبِیْبٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار اللہ کے دوست

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود بڑے فخر سے فرمایا میں اللہ تعالیٰ کا حبیب ہوں (مشکوٰۃ) اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 122 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر کوئی دوست رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا مِفْتَاحُ الْبَرَکَاتِ علیہ السلام

سب برکتوں کی کنجی

یہ اسم مبارک حصول خیر و برکت کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ النَّجْمَۃُ زَاھِدَۃِ علیہا السلام

روشن چمکدار ستارہ

یہ اسم مبارک روحانی وجسمانی قوتوں میں برکت کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْحَکَمُ جل جلالہٗ

حاکم

جوشخص اس اسم مبارک کا ورد روزانہ رات کو ایک ہزار مرتبہ کرے گا۔تو اللہ تعالیٰ اس پر بہت سے راز سربستہ کھول دے گا۔

سَیِّدُنَا مُصْطَفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار چنے ہوئے

اللہ تعالیٰ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ساری مخلوق سے سب سے زیادہ پسندیدہ چنے ہوئے ہیں اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم مبارک مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

اسمِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 50 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دنیا و آخرت میں اعلیٰ مقام حاصل ہوگا۔ بعطائے الٰہی کامیابی حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا سَمِیُّ خِصَالِ الْکَرَمِ علیہ السلام

برتر اوصاف کرم کی ساری بلندیوں کا حاصل

یہ اسم مبارک حصول اوصاف حمیدہ کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ مَعْدِنُ حُسْنِ الْفِطْرَۃِ وَ کَرَمِ النُّبُوَّۃِ علیہا السلام

حسن فطرت اور کرم نبوت کی کان

یہ اسم مبارک حصول امن وسلامتی کیلئے 3 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْعَدْلُ جل جلالہ

عدل کرنے والا

جو شخص جمعہ کے روز یا جمعہ کی رات میں روٹی کے بیس ٹکڑوں پر اسے لکھ کر کھائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کیلئے تمام مخلوق کو مسخر فرما دے گا۔

سَیِّدُنَا مُرْتَضٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار برگزیدہ ہستی

اللہ تعالیٰ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ساری مخلوق میں سب سے برگزیدہ ہیں۔ ''بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر''۔ اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم پاک مرتضیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم مرتضیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے تمام لوگوں میں اعلیٰ مرتبہ ملے گا۔ خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب و کامران ہو گا۔

سَیِّدُنَا نُوْرُ الْقُدْسِ علیہ السلام

ماورائی تقدس کا برتر حسین اُجالا

یہ اسم مبارک حصول پاکیزگی قلب کیلئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ اَکْرَمُ ھَدِیَّۃِ الرَّحْمٰنِ علیہا السلام

ربِ رحمٰن کا معزز ترین تحفہ

یہ اسم مبارک مال و دولت میں برکت کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَللَّطِیْفُ جل جلالہ

بڑا لطف و کرم کرنے والا

جو شخص 133 مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے گا۔ اس کے رزق میں برکت ہوگی اور ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے تمام امور بخوشی انجام پذیر ہوں گے۔

سَیِّدُنَا مُجْتَبٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار پسند کئے ہوئے

قرآن پاک سورہ آل عمران آیت (179) میں ہے اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے۔ جسے چاہتا ہے اپنے رسولوں سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام سے پسندیدہ ہیں اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے والا ہر جگہ پسند کیا جائے گا۔ بعطائے الٰہی کامیابی حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا رَاحَۃُ قَلْبِ شَیْبَۃَ علیہ السلام

حضرت شیبہ (عبد المطلب) کے دل کی ٹھنڈک

یہ اسم مبارک حصول سکون قلب کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ مَوْجَۃُ نَسِیْمِ الْحَیَاۃِ لِلْعٰلَمِیْنَ علیہا السلام

سب جہانوں کی حیات کی باد بہاری، رہنمائے باد حیات کون و مکان

یہ اسم مبارک حصول خوشی و مسرت کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْخَبِیْرُ جل جلالہ

خبر رکھنے والا

جو شخص اس اسم مبارک کو سات روز تک بکثرت پڑھے تو اس پر اسرار مخفیہ ظاہر ہوں گے۔اور اگر کسی موذی کے پنجے میں گرفتار ہو اس سے نجات حاصل ہو۔

سَیِّدُنَا مُخْتَارٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار اختیار والے

اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بے شمار اختیارات دیئے حتیٰ کہ زمین وآسمان کے خزانوں کی چابیاں عطا فرما دیں (مشکوٰۃ) اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم پاک مختار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم مختار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 141 مرتبہ پڑھنے سے کاروبار میں انتہائی برکت حاصل ہو گی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہو گی۔

سَیِّدُنَا اَبْرَزُ نُفُوْسِ بَطْحَاءَ علیہ السلام

بطحا (مکہ مکرمہ) کی وادی میں بستے سب انسانوں سے نمایاں

یہ اسم مبارک حصول عزت وعظمت کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ اَرْقٰی نِسَآءُ التَّارِیْخِ علیہا السلام

تاریخ نساء کی سب سے بلند خاتون

یہ اسم مبارک حصول مرتبہ بلند کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْحَلِیْمُ جل جلالہ

بردبار

جو شخص اس اسم کو لکھ کر پانی سے دھوئے اور وہ پانی اپنے اوزاروں پر ملے تو اس کی صنعت وحرفت میں برکت ہو۔ اگر وہ پانی کشتی پر ملا جائے تو غرق ہونے سے محفوظ رہے۔

سَیِّدُنَا نَاصِرٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار مدد دینے والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر قسم کے حاجتمندوں کی ہر طرح کی مدد فرماتے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک ناصر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم ناصر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 140 مرتبہ پڑھنے والے کی اللہ تعالیٰ ہر جگہ مدد فرمائے گا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہو گی۔

سَیِّدُنَا مَفْخَرَۃُ الْاِنْسَانِیَّۃِ علیہ السلام

کل انسانیت کے لئے فخر و ناز کی پونجی

یہ اسم مبارک حصول بزرگی کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ مَهْدُ الثَّوْرَۃِ الْاِسْلَامِیَّۃِ علیہا السلام

ھادیہ مجلس مشاورت اسلامیہ

یہ اسم مبارک حصول ہدایت کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْعَظِیْمُ جل جلالہٗ

بہت عظمت والا

جو شخص اس کا بکثرت ورد کرے گا اسے عزت و جاہ نصیب ہوگا۔ اور ہر مرض سے شفا پائے گا۔

سَیِّدُنَا مَنْصُوْرٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار مدد دیئے ہوئے

اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر ایمان لانے اور مدد کرنے کا پختہ وعدہ تمام نبیوں اور رسولوں سے لیا۔ جہاد و ہجرت میں فرشتوں کے ذریعہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مدد فرمائی اس لئے آپ کا نام پاک منصور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

اسم منصور 156 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے غریب مالدار ہو جائے گا۔

اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا ذَھَبٌ مُّصَفًّی علیہ السلام

خالص سونا

یہ اسم مبارک حصول تقوی و طہارت کیلئے 18 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ مِقْیَاسُ الْخَیْرِ اِلَی الْاَبَدِ علیہا السلام

ابد تک کیلئے خیر کی کسوٹی

یہ اسم مبارک ہمیشہ کی خیر و برکت کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبد اللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ★ آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبد اللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

اَلْغَفُوْرُ جل جلالہٗ

بخشنے والا

اس اسم مبارک کا 100 مرتبہ باقاعدگی سے روزانہ ورد کرنے والا ہر قسم کے دردسر بخار اور مایوسی سے محفوظ ہوجائے گا۔ اور اسے اللہ تعالیٰ کی مغفرت بھی حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا قَائِمٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار قیام کرنے والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرض نمازوں کے علاوہ رات نوافل میں اس قدر لمبا قیام فرماتے کہ قدم مبارک متورم ہوجاتے تھے۔ اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم مبارک قائم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔ اِس اسم مبارک کا ورد کرنے سے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا نَضْرَۃُ الْاَیَّامِ علیہ السلام

بدلتے پھرتے شب وروز میں تا قیامت برقرار رہنے والی تروتازگی

یہ اسم مبارک دنیاو آخرت میں کامیابی وکامرانی کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ فَرِیْدَۃُ النَّفْسِ فِی الْکَوْنِ علیہا السلام

منفرد و یکتائے کائنات

یہ اسم مبارک انتہائی عروج کے حصول کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلشَّکُوْرُ جل جلالہ

قدردان

جوشخص اس اسم مبارک کو اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھے تو ان شاء اللہ معاشی تنگی یا کسی اور دکھ درد میں مبتلا نہ ہو۔

سَیِّدُنَا حَافِظٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار حفاظت کرنے والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حافظ وحی ہونے کے علاوہ اپنی امت کے حافظ ونگہبان ہیں اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک حافظ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم حافظ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 90 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے نسیان کی بیماری ختم ہوتی ہے۔ خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب وکامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا الْاُنْمُوْذَجُ الرَّائِعُ لِلسَّمَاحَةِ علیہ السلام

سخاوت اور کشادہ ظرفی کا سب سے وکھرا اچھوتا انمول نمونہ

یہ اسم مبارک حصول اعلیٰ ظرفی کیلئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ اَبْهَرُ نَفْخَةٍ قُدْسِيَّةٍ علیہا السلام

پارسائی کی عمدہ مہک

یہ اسم مبارک حصول تقویٰ ونیکی میں برکت کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْعَلِیُّ جل جلالہ

بہت بلند و برتر

جو شخص اس اسم مبارک کو ہمیشہ سو مرتبہ پڑھتا رہے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے اسے مرتبے کی بلندی، خوشحالی اور مقصد میں کامیابی و کامرانی نصیب ہوگی۔

سَیِّدُنَا شَہِیْدٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار گواہ

قرآن پاک سورہ بقرہ (143) میں ہے کہ ''اور ہوں رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گواہ اوپر لوگوں کے'' اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک شہید صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم شہید صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے آخرت میں اعلیٰ مقام ملے گا۔ خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب و کامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا بَدْرُ الْحَیَاۃِ السَّعِیْدِ علیہ السلام

سعادتوں سے بھری ہوئی زندگی کا روشن چاند

یہ اسم مبارک حصول نیک بختی کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ فَائِقَۃُ الْجَمَالِ علیہا السلام

حسن و جمال سے متفوق پیکر جمال

یہ اسم مبارک حصول ظاہری حسن و جمال میں برکت کیلئے 2 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْكَبِيْرُ جل جلالہ

بہت بڑا

اگر کوئی شخص عہدہ سے معزول ہو گیا ہو تو سات روزے رکھے اور سات روز تک ایک ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے تو ان شاء اللہ وہ دوبارہ اپنے عہدہ پر فائز ہو جائیگا۔

سَيِّدُنَا عَادِلٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار انصاف کرنے والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ساری مخلوق میں سب سے زیادہ انصاف کرنے والے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک عادل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم عادل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 95 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دل نیکیوں کی جانب راغب ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَيِّدُنَا شَرْفُ النَّسَمَةِ الْقُدُسِيَّةِ علیہ السلام

قدسی وجود کی شرف بار ہستی

یہ اسم مبارک حصول ظاہری و باطنی پاکیزگی کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّيِّدَةُ بِسْمَةُ النُّوْرِ تُحِيْطُ الْاَكْوَانِ علیہا السلام

کل جہانوں کے محیط نور کا تبسم

یہ اسم مبارک حصول مسرت و شادمانی کیلئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْحَفِیْظُ جل جلالہ

سب کا محافظ

جو شخص 1000 مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد رکھے گا اور لکھ کر پاس رکھے گا وہ ہر طرح کے خوف و خطر اور نقصان و ضرر سے محفوظ رہے گا۔

سَیِّدُنَا حَکِیْمٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار حکمت والے

قرآن پاک سورہ بقرہ میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کو کتاب اور حکمت سکھاتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چونکہ سب سے زیادہ حکیم و دانا ہیں، اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم گرامی حکیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم حکیم 88 مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کے علم اور قوت حافظہ میں برکت ہوگی۔ اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا عَکْسُ مُحِیْطِ النُّبُوَّۃِ علیہ السلام

نبوت کے ٹھاٹھیں مارتے سمندر کی البیلی پرچھائیں

یہ اسم مبارک حصول برکات کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ مِفْتَاحُ کُنُوْزِ الْخَیْرِ علیہا السلام

خزانہ خیر کی کنجی

یہ اسم مبارک حصول عزت و دولت کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُقِیْتُ جل جلالہ

قوت دینے والا

اگراس اسم مبارک کا 375 مرتبہ ورد کر کے ایک گلاس پانی پر دم کیا جائے اوراس پانی کو نافرمان بچے کو پلایا جائے تو وہ بچہ ان شاء اللہ الرحمن فرمانبردار بن جائے گا۔

سَیِّدُنَا نُوْرٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار روشن

قرآن پاک میں ہے۔بیشک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نورآیا۔تمام مفسرین کرام فرماتے ہیں نور سے مرادرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اسلئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 255 مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کا چہرہ قیامت کے دن نورانی ہوگا۔

خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب وکامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا زَیْنُ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ علیہ السلام

آسمانوں وزمین میں ہرسونکھار بانٹتی رونق

یہ اسم مبارک حصول تسخیر کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ مِرْاٰۃُ جَمَالِ النُّبُوَّۃِ مِنْ آدَمَ اِلٰی مُحَمَّدٍ عَلَیْھِمُ السَّلَامِ علیہا السلام

آدم تا محمد رسول عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک آئینہ جمال نبوت

یہ اسم مبارک حصول خیروبرکات کیلئے 11 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْحَسِیْبُ جل جلالہ

کفالت کرنے والا

جس شخص کو کسی سے کوئی خوف ہو وہ صبح سورج نکلنے سے قبل اور مغرب کے بعد ستائیس مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے اور یہ عمل جمعرات سے شروع کرے۔ ان شاء اللہ ایک ہفتہ کے اندر اندر وہ خوف جاتا رہے گا۔

سَیِّدُنَا حُجَّةٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار دلیل

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے خود فرمایا میں اللہ تعالیٰ کی برھان ہوں یعنی دلیل ہوں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر بڑی حجۃ ہیں اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم مبارک حجۃ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

اسم حجۃ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر جگہ عزت ملے گی۔
اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا مَعَالِی النَّجَّابَةِ وَالشَّرْفِ علیہ السلام

شرف و بزرگی کی سب بلندیاں اپنی آغوش میں سمیٹے ہوئے

یہ اسم مبارک حصول عز و شرف کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ مَهْبَطُ التَّجَلِّیَاتِ الْاَزَلِیَّةِ علیہا السلام

ازلی تجلیات کی نزول گاہ

یہ اسم مبارک ہمیشہ خوشی و مسرت کے حصول کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبد اللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ★ آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبد اللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

اَلْجَلِیْلُ جل جلالہ

بڑے اور بلند مرتبہ والا

جو شخص مشک وزعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا یا اس کا بکثرت ورد کرے اللہ تعالیٰ جل جلالہ مخلوق کے دلوں میں اس کی ہیبت پیدا فرمائے گا۔ اور اس کو قدر ومنزلت عطا فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا بُرْھَانٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار حجت

قرآن پاک میں ہے اے لوگو تمہارے پاس رب کی طرف سے کھلی حجت (دلیل) آگئی ہے۔(سورہ نساء 174) ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برھان ربی ہیں اسلئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک برہان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم برہان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کی بات لوگوں میں معتبر ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا رُوْحُ الْعَزِیْمَۃِ وَالْکَفَاحِ علیہ السلام

پختہ عزیمت اور حالات سے نبرد آزما ہونے کی تاب سے سرشار

یہ اسم مبارک حصول ظاہری قوت دبدبہ کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ مِرْآۃُ صَافِیَۃُ لِحَیَاۃِ الرُّوْحِ علیہا السلام

روح کی زندگی کا شفاف آئینہ

یہ اسم مبارک حصول روح کی پاکیزگی کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْکَرِیْمُ جل جلالہ

کرم کرنے والا

جو شخص ہمیشہ سوتے وقت اس اسم مبارک کی کثرت کرے گا۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ علماء اور صلحاء میں اس کی عزت پیدا فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا اَبْطَحِیُّ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار ابطح (بطحا) والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مقام ابطح جسے عام بطحا کہا جاتا ہے۔ اس مقام پر منیٰ سے واپسی پر ٹھہرے تھے لہٰذا قیام رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی وجہ سے اس جگہ کو شرف ملا اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام مبارک بوجہ نسبت ابطحی ہے۔

اسم ابطحی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 51 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے لوگوں میں اعلیٰ مقام ملے گا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہو گی۔

سَیِّدُنَا اَبُو الْمِلَّۃِ الْبَیْضَاءِ علیہ السلام

ملت بیضا (امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کیلئے شان پدری کا اوج رکھنے والے

یہ اسم مبارک اولاد کی آپس میں محبت کیلئے 13 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ نُزْہَۃُ الْقَلْبِ علیہا السلام

پاکیزگی قلب

یہ اسم مبارک حصول پاکیزگی قلب کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلرَّقِیْبُ جل جلالہ

بڑا نگہبان

جو شخص اپنے اہل وعیال اور مال ومنال پر سات مرتبہ اسی اسم مبارک کو پڑھ کر روزانہ دم کیا کرے تو تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

سَیِّدُنَا مُؤْمِنٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ایمان والا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہ صرف مومن ہیں بلکہ مومن گر ہیں اور ایمان نام ہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو محبت کے ساتھ ماننے اور دل سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تصدیق کرنے کا ہے۔ اس لئے آپ کا اسم مبارک مومن صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم مومن صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 125 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر طرف امن حاصل ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا مُحْسِنُ الْکَائِنَاتِ علیہ السلام

پوری کائنات کیلئے یگانہ محسن

یہ اسم مبارک حصول برکات کیلئے 13 مرتبہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ هَادِئَۃُ النَّفْسِ علیہا السلام

اطمینان والی جان

یہ اسم مبارک حصول اطمینان قلب کیلئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُجِیْبُ جل جلالہ

دعائیں قبول کرنے والا

جو شخص کثرت سے اس اسم مبارک کو پڑھا کرے تو اس کی دعاؤں کو بارگاہ الٰہی میں درجہ قبولیت حاصل ہو۔

سَیِّدُنَا مُطِیْعٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار اطاعت کرنے والے

اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم رب کریم کی سب زیادہ اطاعت کرنے والے ہیں اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم مبارک مطیع صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

اسم مطیع صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 120 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دل عبادت الٰہی کی طرف مائل ہوگا۔ بعطائے الٰہی کامیابی حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا السَّیِّدُ الزَّاھِرُ علیہ السلام

شادابیوں کے نکھار سے دمکتا ہوا منصب سرداری لئے ہوئے

یہ اسم مبارک حصول منصب اعلیٰ کیلئے 12 مرتبہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ زَھْرِیَّۃُ النُّبُوَّۃِ علیہا السلام

گلدان نبوت

یہ اسم مبارک حصول امن وسکون کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ★ آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

اَلْوَاسِعُ جل جلالہ

فراخی دینے والا

جو شخص اس اسم مبارک کی کثرت کرے اللہ تعالیٰ جل جلالہ اسے غنائے ظاہری و باطنی اور عزت و جاہ عطا فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا مُذَکِّرٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار نصیحت کرنے والے

قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نصیحت کریں بے شک آپ نصیحت کرنے والے ہیں اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم پاک مذکر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم مذکر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 264 مرتبہ پڑھنے سے گناہوں سے بچنے کی توفیق حاصل ہو۔ خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب و کامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا تَجَلّٰی عَظْمَۃَ اللہِ علیہ السلام

پروردگارِ عالم کی عظمتوں کے برستے جلوے اپنی پیشانی میں سجائے ہوئے

یہ اسم مبارک حصول عظمت و بزرگی کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ مَجْدُ کَرْمِ لِاُوْمَۃِ علیہا السلام

کرامتِ نسب کی عظمت

یہ اسم مبارک حصول عظمت و رفعت کیلئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْحَکِیْمُ جل جلالہ

حکمت والا

جو شخص اس اسم مبارک کا کثرت سے ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ اسے مصائب سے نجات عطا فرمائے گا۔ اور اس پر علم و حکمت کے دروازے کشادہ کر دے گا۔

سَیِّدُنَا وَاعِظٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار نصیحت کرنے والے

قرآن میں ہے اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ فرمائیے کہ تم کو ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں۔ (سورہ سبا 46) اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام پاک واعظ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم واعظ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روزانہ 100 مرتبہ پڑھنے سے کلام میں بہت تاثیر پیدا ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا اِسْمِی النَّبَاھَۃِ علیہ السلام

فہم و دانش کی جزرسی اور باریک بینی کا بلند معیار

یہ اسم مبارک حصول بلندی منصب کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ عَکْسُ ھُدٰیِ الرِّسَالَۃِ الْمُحَمَّدِیَّۃِ علیہا السلام

رسالت محمدیہ کا عکس ہدایت

یہ اسم مبارک حصول راہ ہدایت کیلئے 11 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْوَدُوْدُ جل جلالہ

محبت کرنے والا

جو شخص روزانہ اس اسم مبارک کا 1000 مرتبہ ذکر کرے گا۔ وہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ کا محبوب ہو جائے گا۔ اگر کسی کھانے پر ایک ہزار مرتبہ دم کر کے کسی کو کھلایا جائے تو اس کے دل میں محبت پیدا ہوگی۔

سَیِّدُنَا اَمِیْنٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار امانت دار

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب لوگوں سے بڑھ کر امین اور قول کے سچے تھے۔ چنانچہ اعلانِ نبوت سے پہلے کفار مکہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو امین کہا کرتے تھے۔ اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک امین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم امین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 91 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے گھر اور مال و اولاد حفاظتِ الٰہی میں ہوگی۔ بعطائے الٰہی کامیابی حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا نَسْمَۃُ تَجْذِبُ الْقُلُوْبِ علیہ السلام

وہ سندر اجلا پیکر جو دلوں کو اپنی جانب کھینچ لیتا

یہ اسم مبارک حصول تسخیر قلوب عوام کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ فَائِزَۃُ مَکَارِمِ الْاَخْلَاقِ علیہا السلام

مکارم اخلاق پر فائز المرام

یہ اسم مبارک حصول حسنِ اخلاق کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمَجِیْدُ جل جلالہ

بہت بزرگی والا

اس اسم مبارک کو باقاعدگی سے ورد کرنے والے کو ان شاء اللہ الرحمن عزت ووقار حاصل ہوگا۔ برص کا مریض چاند کی 13۔ 14 اور 15 کو روزہ رکھے اور افطار کے بعد اس اسم مبارک کی کثرت کرے تو اس کا یہ مرض دور ہو جائے گا۔

سَیِّدُنَا مَدَنِیٌّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار مدینے والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہجرت کے بعد دس سال ظاہری زندگی مدینہ طیبہ میں قیام فرمارہے پھر وصال شریف ہوا تو مدینہ شریف کو ہی آخری آرام گاہ بنایا اس بنا پر آپ کا اسم مبارک مدنی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ اسم مدنی 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے پاکیزہ رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا بَدِیْعُ النُّزَاھَۃِ علیہ السلام

پاکیزگی، تقدس اور کمال آبرو کی ماورائی ندرتوں سے آراستہ

یہ اسم مبارک حصول تقدس اور کمال کیلئے 12 مرتبہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ حِلْیَۃِ سَجْدَۃِ الْوَفَا علیہا السلام

زیور سجدہ وفا

یہ اسم مبارک حصول حلاوت سجود کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْبَاعِثُ جل جلالہ

اٹھانے والا

جو شخص سوتے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر 100 مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس کے قلب کو علم و حکمت سے منور فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا عَرَبِیٌّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار عرب والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سرزمین عرب میں پیدا ہوئے اس سے قبل کوئی نبی اس زمین میں پیدا نہیں ہوا انبیاء کرام علیہم السلام دوسرے علاقوں سے اس جگہ ضرور آئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عرب کے رہنے والے تھے اسلئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ اِس اسم مبارک کا ورد کرنے سے بعطائے الٰہی کامیابی حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا تَاجُ الْعِزَّۃِ علیہ السلام

عزت وسربلندی کا انمول تاج

یہ اسم مبارک حصول تاج عزت کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ حَزِمَنَۃُ فِرَاقِ زَوْجِھَا علیہا السلام

غمگین درفراق شریک حیات

یہ اسم مبارک حصول نجات دردو الم کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلشَّهِيدُ جل جلالہ

حاضر و ناظر، گواہ

جو شخص اولاد یا اپنی بیوی کے سر کے بال پکڑ کر 1000 مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے اور ان پر دم کرے تو وہ تابع فرمان ہوں گے۔

سَيِّدُنَا هَاشِمِيٌّ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار ہاشم والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پردادا کا نام ہاشم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تھا جو بہت بڑے سردار تھے ان کے نام کی نسبت سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم گرامی ہاشمی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

اسم ہاشمی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 101 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے عہدہ میں ترقی ملے گی۔

اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوگی۔

سَيِّدُنَا لَمْعَةٌ مِّنْ شَمْسِ النُّبُوَّةِ علیہ السلام

آفتاب نبوت کی دمکتی کرنوں سے لبریز وجود

یہ اسم مبارک حصول برکات مال و دولت کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّيِّدَةُ قُمَّةُ ثُبَاتِ الْجَنَّانِ علیہا السلام

نعمت ہائے جنان کی معراج

یہ اسم مبارک حصول برکت رزق کیلئے 3 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْحَقُّ جل جلالہ

برحق و برقرار

وہ شخص جس کی کوئی چیز گم ہو اس اسم مبارک کا ورد کرے تو گم شدہ چیز انشاء اللہ العزیز اسے جلد مل جائے گی۔

سَیِّدُنَا تِہَامِیُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار تہامہ والے

مکہ مکرمہ کے قرب میں تہامہ نام کی ایک ریگستان ہے جو مکہ کا ہی حصہ ہے اور مکہ کا ایک نام تہامہ بھی ہے اس نسبت سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک تہامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم تہامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 95 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دل میں محبت الٰہی اور رقت پیدا ہوگی۔ خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب و کامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا حُسْنُ الرَّحْبَۃِ علیہ السلام

کشادہ ظرفی کی بے پناہ رعنائیاں اپنے کردار میں اجاگر ہوئے

یہ اسم مبارک حصول استغنائے قلب کیلئے 3 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ حَائِزَۃُ سِنَا الْقُدْسِ علیہا السلام

حظیرۃ القدس کی چمک و مہک کو سمیٹنے والی

یہ اسم مبارک حصول خوشی و مسرت کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْوَکِیْلُ جل جلالہ

کارساز

جو شخص کسی بھی آسمانی آفت کے وقت بکثرت اس اسم مبارک کا ورد کرے اور اس اسم مبارک کو اپنا وکیل بنالے گا وہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

سَیِّدُنَا حِجَازِیٌّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار حجاز والے

مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور جدہ وغیرہ کے قرب و جوار کے شہر ملک عرب کا سب سے زیادہ پیارا صوبہ مقدس ہے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک حجازی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم حجازی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 130 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے کھیتی میں برکت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا سِیمَاءُ شَرَفِ النَّزَاهَةِ علیہ السلام

پاکیزگی اور نزاھت کے شرف سے آراستہ وجود

یہ اسم مبارک حصول پاکیزگی حسن کیلئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ عَمِیقَۃُ الصِّلَۃِ بِاللّٰہِ تَعَالٰی علیہا السلام

اللہ عزوجل کے ساتھ گہرا ربط وتعلق رکھنے والی

یہ اسم مبارک حصول محبت باری تعالیٰ کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْقَوِیُّ جل جلالہ

طاقت والا

جو شخص واقعی مظلوم اور کمزور ہو وہ اس ظالم اور طاقتور دشمن کو دفع کرنے کی نیت سے بکثرت اس اسم مبارک کو پڑھے تو اس سے محفوظ رہے گا۔

سَیِّدُنَا نَزَارِیُّ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

مضر بن نزار کی اولاد سے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سترھویں دادا حضرت نزار رضی اللہ عنہ ہیں جو اپنے وقت کے بہت سخی اور سردار تھے ان کی نسبت کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام مبارک نزاری صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

اسم نزاری صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے رزق میں برکت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا شَجِیْعُ النَّفْسِ علیہ السلام

بہادری اور حوصلہ مندی کے سب کمالات سے آراستہ پیکر

یہ اسم مبارک حصول جرأت و بہادری کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ آیَۃُ الْوُدِّ الْخَالِصِ علیہا السلام

خالص محبت کی آیت

یہ اسم مبارک ہر طرف سے حصول محبت و پیار کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمَتِیْنُ جل جلالہ

مضبوط

جو شخص اپنے لڑکے یا لڑکی پر یہ اسم مبارک دس مرتبہ پڑھے گا تو وہ بچہ فسق و فجور اور گناہوں سے محفوظ رہے گا۔

سَیِّدُنَا قُرَیْشِیٌّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

قریش والا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نویں دادا فھر بن مالک رضی اللہ عنہ کا لقب قریش تھا جن سے قبیلہ قریش ہے۔قرآن میں سورہ قریش آئی ہے۔مشکوٰۃ میں قریش کے مناقب بیان کیے گئے ہیں اس نسبت سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم گرامی قریشی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم قریشی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 110 مرتبہ روزانہ پڑھنے والا خاندان اور لوگوں میں عزت والا ہوگا۔اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا کِیَانُ الْفَرَاسَةِ الرُّوْحِیَّةِ علیہ السلام

روحانی فراست اور دانائی سے بھرا پڑا وجود

یہ اسم مبارک حصول بلندی روحانیت کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ بَهْجَةُ الْاَمَلِ علیہا السلام

امیدوں کی رونق

یہ اسم مبارک ہر کام میں حصول کامیابی و کامرانی کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْوَلِیُّ جل جلالہ

دوست

جو شخص اپنی بیوی کی عادتوں سے خوش نہ ہو اس کے سامنے جاتے وقت اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھے۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ اسے نیک خصلتیں عطا فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا مُضَرِیٌّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار مضر والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سولھویں دادا جان کا نام مضر تھا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مضر کو گالی نہ دو وہ ملت ابراہیم پر تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام آباؤ اجداد مواحد تھے ان کی نسبت سے آپ کا اسم مبارک مضری صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم مضری صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے زندگی شان سے گزرے گی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا مِرْأَۃُ تَعْکِسُ ضَوْءُ النُّبُوَّۃِ علیہ السلام

وہ آئینہ کہ جس میں نبوت کی روشنی منعکس ہو رہی ہے

یہ اسم مبارک حصول برکت کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ حُسْنُ مَلَاحَۃِ علیہا السلام

جاذبیت حسن کا جمال

یہ اسم مبارک حصول ظاہری رعب و دبدبہ کیلئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْحَمِیْدُ جل جلالہ

قابل تعریف

جو شخص پنتالیس روز تک متواتر 93 مرتبہ خلوت میں اس اسم مبارک کو پڑھتا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس میں اخلاق حمیدہ پیدا فرما دے گا۔

سَیِّدُنَا اُمِّیٌّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار بے پڑھے

اُمی ہونا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات میں سے ایک عظیم معجزہ اور اسماء میں عظیم الشان نام مبارک ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دنیا میں کسی سے نہیں پڑھا اور کتاب وہ لائے جو علوم الاولین والآخرین کی جامع ہے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک اُمی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم اُمی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو 51 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے علم وعرفان میں برکت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا فَائِقُ الْبَرِیَّةِ علیہ السلام

مخلوقات کی عظمتوں سے بڑھ کر امتیاز رکھنے والی ہستی

یہ اسم مبارک حصول تسخیر خلق کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ مَعْدِنُ رَوَائِعِ الْحِکْمَةِ علیہا السلام

جمالِ حکمت کی کان

یہ اسم مبارک حصول برکت کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُحْصِیُ جل جلالہ

گھیرنے والا

جو شخص روزانہ اس اسم مبارک کا 100 مرتبہ ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ اسے روز قیامت حساب و کتاب کی سختی سے نجات عطا فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا عَزِیزٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار غالب

تفسیر کبیر میں امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں رب عزیز نبی عزیز کو امت عزیز کے لئے نازل فرمایا ہے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم گرامی عزیز صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم عزیز صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 94 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوتا ہے۔ خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب و کامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا مَعَالِی الْاَخْلَاقِ علیہ السلام

بلند اخلاقی اوصاف کی زیبائیوں سے نکھرا ہوا وجود

یہ اسم مبارک حصول اخلاق کریمانہ کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ جَبْھَۃٌ تَشْرُقِ الْاَفَاقِ علیہا السلام

آفاق کو کونوں سے منور کرنے والی جبین سعادت

یہ اسم مبارک حصول ظاہری وجاہت کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُبْدِئُ جل جلالہ

پہلے پیدا کرنے والا

جو شخص اس اسم مبارک کو 1000 مرتبہ پڑھ کر حاملہ عورت کی طرف دم کرے تو وہ عورت حمل کے ضائع ہونے سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گی۔

سَیِّدُنَا حَرِیْصٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار حرص کرنے والے (لوگوں کے ایمان کیلئے)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو امت کی نجات وفلاح اور کامیابی کی بڑی خواہش ہے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک حریص صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم حریص صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 308 مرتبہ پڑھنے سے دین ودنیا میں کامیابی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا جَمَالُ النُّبُوَّةِ مَکْنُوْنٌ فِیْ رُوْحَةٍ علیہ السلام

وہ کہ جس کی روح کے پاتال میں جمال نبوت پوشیدہ ہے

یہ اسم مبارک چہرے کی نورانیت کے لئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ اِنْبِسَاطُ الضَّوْءِ علیہا السلام

نور کی پھیلتی ہوئی ضیا

یہ اسم مبارک حصول ضیاء کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُعِیْدُ جل جلالہ

دوبارہ پیدا کرنے والا

گم شدہ شخص کو واپس بلانے کے لئے جب گھر سے سب افراد سو جائیں تو گھر کا ایک فرد گھر کے چاروں کونوں میں ستر مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے تو سات روز میں واپس آجائے گا یا پتہ چل جائے گا۔

سَیِّدُنَا رَءُوْفٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار بہت شفقت فرمانے والے

قرآن پاک میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایمانداروں سے بہت ہی پیار کرنے والے مہربانی فرمانے والے ہیں اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک روف صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم روف صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 287 مرتبہ روزانہ پڑھنے والے پر اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دنیا و آخرت میں خوش ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہو گی۔

سَیِّدُنَا فَائِقُ طَلْعَةِ النَّفْسِ علیہ السلام

وہ کہ جس کو چہرہ جاں کی شادابی سب سے بڑھ کر ہے

یہ اسم مبارک حصول روحانیت کیلئے 11 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ لَمْعَةُ الرِّسَالَةِ الْمُحَمَّدِیَّةِ علیہا السلام

رسالت محمدیہ کی چمک

یہ اسم مبارک حصول خیر و برکت گھر اور تجارت کیلئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُحْیِیْ جل جلالہ

زندہ کرنے والا

جو شخص سخت زیر بار ہو تو اس اسم مبارک کا کثرت سے ورد کرے تو اس بار گراں سے جلد آزاد ہو جائے گا۔ 89 مرتبہ پڑھ کر اپنے جسم پر دم کرے تو قید سے محفوظ رہے گا۔

سَیِّدُنَا رَحِیْمٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار بہت مہربانی فرمانے والے

قرآن پاک میں ہے کہ بے شک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایمانداروں سے بہت پیار کرنے والے اور بہت مہربانی فرمانے والے ہیں۔ اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم گرامی رحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم رحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 258 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے روزی میں برکت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا مَقْرِی الضُّیُوْفِ علیہ السلام

مہمان نوازی کی برتر شان ایثار سے جگمگاتا وجود

یہ اسم مبارک حصول استغناء قلب کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ قُمَّۃُ اِرْتِفَاعِ الْحَیَاۃِ علیہا السلام

بلندی حیات کی چوٹی

یہ اسم مبارک صحت و تندرستی زندگی میں ہمیشہ پانے کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبد اللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ★ آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبد اللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

اَلْمُمِیْتُ جل جلالہ

مارنے والا

جوشخص اس اسم مبارک کو روزانہ 100 مرتبہ ورد میں رکھے تو اس کو اپنے دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوگا۔اس اسم شریف کا ورد بے حد مؤثر ہے۔

سَیِّدُنَا یَتِیْمٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار نایاب، بلوغت سے پہلے جس کا باپ فوت ہو جائے

قرآن پاک سورۃ الضحیٰ میں ہے کہ کیا اس نے نہیں پایا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یتیم پھر اپنی آغوش رحمت میں جگہ دی اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم گرامی یتیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اس یتیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 460 مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کو ہر طرف فتح حاصل ہوگی۔ اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا اَنْدَی النَّاسِ کَفًّا علیہ السلام

سخاوت میں تمام انسانوں سے بڑھ کر لٹاتے ہاتھ

یہ اسم مبارک حصول برکات کیلئے 11 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ نِعْمَتُ عُظْمٰی لِلْعٰلَمِیْنَ علیہا السلام

سب جہانوں کیلئے نعمت عظمیٰ

یہ اسم مبارک حصول نعمتِ جہاں کیلئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْحَیُّ جل جلالہٗ

زندہ

جو شخص اس اسم مبارک کا روزانہ تین ہزار مرتبہ ورد کرے گا کبھی بیمار نہیں ہوگا اور طویل زندگی پائے گا۔

سَیِّدُنَا غَنِیٌّ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار بے پرواہ

قرآن پاک کی سورہ الضحیٰ میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو حاجت مند پایا تو غنی کر دیا اس بنا پر آپ کا اسم مبارک غنی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

اسم غنی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 1060 مرتبہ روزانہ پڑھنے والا بہت بڑا مالدار ہو جائے گا۔ اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا مَعْرُوْفٌ اَشْرَفُ لَدَیْ الْکَوْنِ کُلِّهٖ علیہ السلام

یہ ساری کائنات جس کے شرف و وقار کی سربلندی سے آگاہ ہے

یہ اسم مبارک حصول عزت و شرف کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ یَنْبُوْعُ الْھُدَی لِلْکَائِنَاتِ علیہا السلام

کائنات کی ہدایت کا سرچشمہ

یہ اسم مبارک بری عادات کو چھوڑنے کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْقَیُّوْمُ جل جلالہ

ہمیشہ رہنے والا

جو شخص کثرت سے اس اسم مبارک کا ورد کرے گا بھول اور غلطیوں سے محفوظ رہے گا اور اس سے نیند کا غلبہ جاتا رہے گا۔

سَیِّدُنَا جَوَّادٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سخی

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام لوگوں سے خیر و بھلائی کے معاملہ میں زیادہ سخی تھے اسلئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک جواد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم جواد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر چیز میں برکت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا اَکْرَمُ مِنْ وَطِئَ التُّرَابِ علیہ السلام

خاک زمین کو اپنے شرف بار قلوبوں سے نوازنے والی سب سے افضل ہستی

یہ اسم مبارک حصول وقار و شرف کیلئے 11 مرتبہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ رَنْبَلُ النَّزَاھَۃِ فِی الْعَالَمِ علیہا السلام

جہاں کی بلند رتبہ پارسائی

یہ اسم مبارک حصول بلند مرتبہ کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْوَاجِدُ جل جلالہ

پانے والا

جو شخص کھانے کے لقمہ پر اس اسم مبارک کو پڑھے گا اللہ اس کے دل کو قوت عطا فرمائیگا۔

سَیِّدُنَا فَتَّاحُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار فیصلہ کرنیوالے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عطائے الٰہی سے جھگڑوں کو دور کرنے والے قید و بند سے چھڑانے والے ہیں اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام فتاح صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم فتاح صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 489 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر طرف رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا الْبَطَلُ الرَّئِدِ علیہ السلام

وہ جوانِ رعنا جو ہر دائرہ حیات میں قیادت کی شان لئے ہوئے ہے

یہ اسم مبارک حصول قیادت وسیادت کیلئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ مَحْضِ الْحَقِیْقَۃِ الْاَحْمَدِیَّۃِ علیہا السلام

آغوش حقیقت احمدیہ

یہ اسم مبارک حصول امن وسکون کیلئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمَاجِدُ جل جلالہ

بزرگی والا

جو شخص خلوت میں اس اسم مبارک کا اس قدر ورد کرے کہ بے خود ہو جائے تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس کے قلب کو نور ہدایت و عرفان سے منور فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا عَالِمٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار جاننے والے

قرآن پاک سورہ نحل (89) میں ہے کہ ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کتاب نازل فرمائی جس میں ہر چیز کا روشن بیان ہے۔ لہٰذا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر چیز کے جاننے والے ہیں اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 141 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے علم و عمل میں برکت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا قُمَّۃُ الْاِطَاعَۃِ وَ الْخُضُوْعِ علیہ السلام

اطاعت وفرمانبرداری کی سب سے بلند چوٹی پر دمکتا چہرہ

یہ اسم مبارک اولاد کی فرمانبرداری کیلئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ غَایَۃُ بَھَاءُ الْاُمُوْ قِنَۃِ علیہا السلام

ماں کی ممتا کی جمال کی انتہاء

یہ اسم مبارک حصول محبت و تسخیر جہاں کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبد اللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ★ آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبد اللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

اَلْوَاحِدُ جل جلالہ

ایک

جو شخص روزانہ 1000 مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے اس کے دل سے مخلوق کی محبت نکل جائے گی اور ہر ایک کا دل سے خوف جاتا رہے گا۔

سَیِّدُنَا طَیِّبٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار پاکیزہ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں کستوری اور عنبر کبھی نہیں سونگھا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پسینہ مبارک سے زیادہ خوشبودار ہوا اسلئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک طیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم طیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 121 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے غیب سے پاکیزہ رزق حاصل ہوگا۔ اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا اَسْعَدُ اَوْلَادِ آدَمَ علیہ السلام

اولاد آدم میں سب سے بڑھ کر سعادت مند ہستی

یہ اسم مبارک حصول نیک بختی کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ ذَرْوَۃُ الْحَنَّانِ علیہا السلام

رحم وکرم کا مقام رفیع

یہ اسم مبارک حصول مقام بلند کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْاَحَدُ جل جلالہ

اکیلا

جو شخص اس اسم مبارک کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر حاکم کے سامنے جائے تو ان شاء اللہ العزیز عزت و سرفرازی پائے اور اس پر سربستہ راز کھلیں گے۔

سَیِّدُنَا طَاھِرٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار پاک

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر قسم کے عیب سے پاک اور ہر اعتبار سے طیب و طاہر تھے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک طاہر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم طاہر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 215 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے طہارت نفس حاصل ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا مِیْزَانُ الْقِیَمِ السَّامِیَةِ علیہ السلام

برتر سماجی اقدار اور انسانی اطوار کی میزان شرف

یہ اسم مبارک حصول عز و شرف کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ اِشْرَاقُ الْحَیَاۃِ فِی السِّجِلِ الْخُلُوْدِ علیہا السلام

کتاب دوم میں حیات کی روشن ابتداء

یہ اسم مبارک حصول حیات جاوداں کیلئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلصَّمَدُ جل جلالہ

بے نیاز

جو شخص اس اسم مبارک کو باوضو کثرت سے پڑھے تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس کی جائز تمام ضروریات پوری کرے گا۔ اور اسے کسی کی مدد کی محتاجی نہ ہوگی۔

سَیِّدُنَا مُطَہِّرٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار پاک کرنے والے

قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم انہیں پاک کرتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہر اعتبار سے پاک اور دوسروں کو بھی پاک کرنے والے ہیں اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم مبارک مطہر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

اسم مطہر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 200 مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کا چہرہ و دل روشن ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا سِمَۃُ الْھَیْبَۃِ وَالْوَقَارِ علیہ السلام

سطوت و ہیبت اور وقار و تمکنت کا البیلا راز

یہ اسم مبارک حصول سطوت و دبدبہ کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ اُنُسُ شَرَفِ الْحَیَاۃِ علیہا السلام

شرف حیات کا پیار

یہ اسم مبارک حصول تسخیر کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ★ آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

اَلْقَادِرُ جل جلالہ

قدرت والا

جو شخص دو رکعت نماز نفل پڑھ کر 100 مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس کے دشمنوں کو ذلیل و رسوا فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا خَطِیْبٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خطاب کرنے والا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن میں مقام محمود پر کھڑا ہوں گا اور تمام نبیوں کا پیشوا بنوں گا۔ اور میں ان کا خطیب ہوں گا (ان کی ترجمانی کروں گا) (ترمذی شریف) اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک خطیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم خطیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے فصاحت و بلاغت میں اضافہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا کَامِلُ النُّبُوَّۃِ علیہ السلام

وہ جس کے پیکر ہستی میں قوت جوانمردی کا نگینہ دمک رہا ہے

یہ اسم مبارک حصول جوانمردی و بہادری کیلئے 9 مرتبہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ اَعَزُّ الْبَرَایَا علیہا السلام

مخلوقات میں سب معزز ترین

یہ اسم مبارک حصول عزت و شرف کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُقْتَدِرُ جل جلالہ

اقتدار والا

جو شخص اس اسم مبارک کو صبح نیند سے بیدار ہوتے وقت کثرت سے پڑھے گا۔تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس کے تمام کاموں کی تدبیر آسان فرمائے گا اور اس کے دل سے غفلت دور ہوگی۔

سَیِّدُنَا نَاہٍ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار منع کرنے والے

قرآن پاک سورۃ اعراف میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بارے میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم انہیں اچھی باتوں کا حکم کرتے ہیں اور انہیں بری باتوں سے منع کرتے ہیں اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسمِ مبارک ناہٍ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

اسمِ ناہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 56 مرتبہ صبح وشام پڑھنے والا برائی وگناہ سے محفوظ رہیگا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا غُرُّ الْعُلیٰ علیہ السلام

بلندیوں کے ہر افق کا پہلا کنارہ

یہ اسم مبارک ہر کام میں بلندی وعروج کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ نَفْحَۃُ حَظِیْرِ الْقُدُسِ علیہا السلام

بہشت خلد کی مہک

یہ اسم مبارک ہمیشہ مسرت وشادمانی کے حصول کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُقَدِّمُ جل جلالہ

آگے کرنے والا

جو شخص جنگ کے وقت اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اسے بہت قوت عطا فرمائے گا اور دشمنوں سے محفوظ رکھے گا۔

سَیِّدُنَا حَسِیْبٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار بزرگ۔کافی

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی امت کے واسطے دارین میں ان چیزوں کے لئے کافی ہیں جن کے وہ محتاج ہیں اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک حسیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم حسیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 91 مرتبہ پڑھنے سے تمام مشکلات آسان ہوجاتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا سَیِّدُ الْبَرِیَّا علیہ السلام

تمام کائناتی مخلوق کی سرداری کا وقار لئے ہوئے

یہ اسم مبارک حصول عزت وسرداری کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ دَائِمَۃُ الشُّھُوْدِ علیہا السلام

دائمی جلوہ شہود

یہ اسم مبارک ہمیشہ عزت واحترام کے حصول کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ★ آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

اَلْمُؤَخِّرُ جل جلالہ

پیچھے کرنے والا

جو شخص روزانہ 100 مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے گا تو اس کے دل میں اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی محبت کے علاوہ اور کوئی چیز داخل نہ ہوگی۔

سَیِّدُنَا کَرِیْمٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سخی

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سخاوت کا یہ عالم ہے کہ کسی سائل کو کبھی ''نہ'' نہیں کہا کبھی کسی کو خالی ہاتھ در اقدس سے نہیں لوٹایا اسی بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 270 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر طرف بہت برکت حاصل ہوگی۔ اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا اَقْصٰی دَرَجَاتِ التَّنَزُّہِ علیہ السلام

کردار کی نزاہت اور اُجلاپے میں سب سے بلند درجے پر فائز

یہ اسم مبارک عوام کی تسخیر کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ طَلْعَۃُ نُوْرِ الْاَکْوَانِ علیہا السلام

عالم ہست و بود کی نور کے ظہور

یہ اسم مبارک حصول خیر و برکت کیلئے 10 مرتبہ روزنہ پڑھیں

اَلْاَوَّلُ جل جلالہ

سب سے پہلے

جس شخص کے نرینہ اولاد نہ ہوتی ہو اس اسم مبارک کو چالیس روز تک چالیس بار پڑھے ان شاء اللہ العزیز اس کی مراد پوری ہوگی۔

سَیِّدُنَا مُحَرِّمٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حرام کرنے والا

قرآن پاک سورہ اعراف میں ہے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے لئے پاک چیزیں حلال کریں گے اور ناپاک وگندی چیزیں ان پر حرام کریں گے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک محرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم محرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 288 مرتبہ روزانہ پڑھنے والا ہر جگہ عزت والا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا الرُّوْحُ الْوَثَابَۃِ علیہ السلام

گرانقدر رنگہ نوازی کے تابناک اجالوں سے بھری روح

یہ اسم مبارک حصول جاہ ومرتبہ کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ طَلْعَۃُ نُوْرِ الْاَکْوَانِ علیہا السلام

عالم ہست وبود کی نور کے ظہور

یہ اسم مبارک حصول خیر وبرکت کیلئے 10 مرتبہ روزنہ پڑھیں

اَلْاٰخِرُ جل جلالہ

سب کے بعد

جو شخص اس اسم مبارک کو روزانہ 1000 بار پڑھے اس کے دل سے غیر اللہ کی محبت دور ہوگی، اللہ تعالیٰ جل جلالہ اسے اچھی زندگی اور اچھی موت عطا فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا مُحَلِّلُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار حلال کرنے والے

قرآن پاک سورہ اعراف آیت (157) میں ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے لئے پاک چیزیں حلال کریں گے اور ناپاک وگندی چیزیں ان پر حرام کریں گے، اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک **محلل** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم **محلل** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 128 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے رزق حلال حاصل ہوگا۔ خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب وکامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا مَلِیْكُ صِدْقٍ علیہ السلام

صدق وراستبازی کے ہر آنگن کی سرداری جس کے نام سجی ہے

یہ اسم مبارک عوام وخواص کی تسخیر کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ سَکِیْنَۃُ الْحَیَاۃِ علیہا السلام

زندگی کا سکون واطمینان

یہ اسم مبارک حصول سکون واطمینان قلب کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلظَّاهِرُ جل جلالہ

آشکارا

جو شخص اشراق کے وقت اس اسم مبارک کا ہمیشہ ورد کرے اللہ تعالیٰ اس کے دل کو نور ایمان سے منور فرمائے گا۔

سَيِّدُنَا مُبَلِّغٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار تبلیغ کرنے والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بیشک مجھے اللہ تعالیٰ نے صرف تبلیغ کے لئے مبعوث فرمایا ہے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک مبلغ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم مبلغ 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے فصاحت میں برکت ہوگی۔

بعطائے الٰہی کامیابی حاصل ہوگی۔

سَيِّدُنَا الْفَرِيْدُ فِي الْكَوْنِ علیہ السلام

ابتداء سے انتہاء تک پوری کائنات میں یکتا اور یگانہ ہستی

یہ اسم مبارک حصول بلندی درجات کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّيِّدَةُ نَسمَةُ فَخِيمَةٌ علیہا السلام

عظمت وشان کی مالکہ معزز جان

یہ اسم مبارک حصول ظاہری عظمت ودبدبہ کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْبَاطِنُ جل جلالہ

پوشیدہ

جو شخص روزانہ کم از کم تین ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس پر تمام چیزوں کی حقیقتوں کا راز کھول دے گا۔

سَیِّدُنَا فَصِیْحٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار خوش بیاں

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں عرب کا سب سے زیادہ خوش بیان ہوں کیونکہ میری پیدائش قریش میں اور پرورش بنی سعد میں ہوئی ہے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم پاک **فصیح** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔اسم **فَصِیْحٌ** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کا اخلاق اچھا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا آیَةُ الْمَجْدِ علیہ السلام

عزت وسرفرازی کی روشن دمکتی آیت

یہ اسم مبارک حصول عزت ومرتبہ کیلئے 3 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ اَشْرَفُ الْعِزِّ وَالْکَمَالِ علیہا السلام

عزت وکمال کا شرف

یہ اسم مبارک حصول شرف وکمال کی بلندی کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْوَالِیُ جل جلالہ

ذمہ دار

جو شخص اس اسم مبارک کو پلیٹ پر لکھ کر اس میں پانی بھر کر مکان میں چھڑ کے گا تو اس کا مکان ہر طرح کے خطرات و آفات سے محفوظ رہے گا۔

سَیِّدُنَا شَافٍ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

شفا دینے والا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم علم وحکمت کے اعتبار سے اپنی امت کو ہر طرح شفا دینے والے ہیں اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم مبارک شافٍ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

اسم شاف صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 101 مرتبہ پڑھنے والے کو قید سے آزادی ملے گی۔
اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہو گی۔

سَیِّدُنَا سَیمَاءُ الْفَخْرِ وَالْبَھَاءِ علیہ السلام

فخر و ناز کی سب دمکتی کرنیں جس کے تاج سر کی رونق ہیں

یہ اسم مبارک حصول برکاتِ دنیا و دین کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ سَیِّدَۃُ اُمَّھَاتِ الْاَنْبِیَاءِ علیہا السلام

انبیاء کی ماؤں کی سردار

یہ اسم مبارک حصول عزت و سرداری کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُتَعَالِیُ جل جلالہ

بلند و برتر

جو شخص اِس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھے اس کی تمام مشکلات رفع ہوں گی، حائضہ عورت حالت حیض میں کثرت سے پڑھے تو حیض کی تکلیف سے نجات پائے۔

سَیِّدُنَا سَیِّدٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں قیامت کے دن تمام اولاد آدم علیہ السلام کا سردار ہوں گا۔ مجھے کوئی فخر نہیں۔ (مشکوٰۃ) اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک سید صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم سید صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 74 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے عہدہ میں ترقی ہوگی۔ اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا ذُوْقُوَّۃِ الرُّوْحِیَّۃِ علیہ السلام

غیر معمولی روحانی قوتوں سے آراستہ پیکر

یہ اسم مبارک روحانی طاقتوں کے حصول کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ قُوَّۃُ ثُبَاتِ النَّفْسِ علیہا السلام

روح کی ثبات کی نشاط

یہ اسم مبارک حصول مسرت و شادمانی روح کیلئے 11 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْبَرُّ جل جلالہ

احسان کرنے والا

جو شخص شراب خوری اور زنا کاری میں مبتلا ہو وہ اس اسم مبارک کو ہر روز سات مرتبہ پڑھے اس کے دل سے ان گناہوں کی رغبت جاتی رہے گی۔

سَیِّدُنَا مُنَقِّیْ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار پاک کرنے والے

قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہیں پاک کرتے اور تزکیہ فرماتے ہیں اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک منقی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم منقی 160 مرتبہ پڑھنے سے پاکیزگی قلب حاصل ہوگی۔

خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب وکامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا اَلْقَلْبُ الْمَفْتُوْحِ علیہ السلام

وہ دل وہ سینہ جو کھلا ہوا ہے ہر نئی آب وتاب کے لئے

یہ اسم مبارک حصول قوت قلب اور کشادگی قلب کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ نَضْرَۃُ الْوَعْیِ الْاِیْمَانِ علیہا السلام

ایمانی حفاظت کی رونق

یہ اسم مبارک حصول حفاظت ایمان کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلتَّوَّابُ جل جلالہ

توبہ قبول کرنے والا

جو شخص اس اسم مبارک کو بعد نماز چاشت 300 مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ جل جلالہ اسے سچی توبہ نصیب فرمائے گا۔ اگر دشمن یا کسی ظالم شخص پر دس بار پڑھ کر پھونکا جائے تو اس سے خلاصی نصیب ہو۔

سَیِّدُنَا مُقْتَصِدٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار درمیانی راہ چلنے والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر معاملہ میں میانہ روی اختیار فرماتے اور میانہ روی سے چلتے اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک مقتصد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم مقتصد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 100 مرتبہ پڑھنے سے رزق میں برکت ہوگی۔
اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا نَسِیْمُ الْعَوَاطِفِ الْقُدْسِیَّةِ علیہ السلام

انتہائی اُجلے تقدس جذبات کی لطافتوں سے سرشار

یہ اسم مبارک حصول پاکیزگی سوچ کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ بِضْعَةُ لِلنَّبِیِّ الْکَرِیْمِ علیہا السلام

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لختِ بدن

یہ اسم مبارک حصول حفاظت جسم وجان کیلئے 3 مرتبہ پڑھیں

اَلْمُنْعِمُ جل جلالہ

انعام دینے والا

جو شخص اس اسم مبارک کو روزانہ 100 مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ اپنے فضل وکرم سے اپنی نعمتوں کی بارش اس پر کرے گا اور مالا مال کر دے گا۔

سَیِّدُنَا رَحْمَةٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار رحمت والے

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اور ہم نے نہیں بھیجا آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو مگر تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر۔ اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم مبارک رحمۃ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

اسم رحمۃ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 252 مرتبہ پڑھنے سے ہر کام میں برکت ہو گی۔

اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہو گی۔

سَیِّدُنَا دَآئِمُ التَّرَقُّبِ وَالْیَقْظَةِ علیہ السلام

وہ ہستی جو ہر آن بیداری اور نگہداشت کا سرمدی نکھار لئے ہے

یہ اسم مبارک حصول حفاظت تن من دھن کیلئے 11 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ نُوْرُ ضَمِیْرِ الْحَیَاةِ علیہا السلام

ضمیر کی زندگی کا نور

یہ اسم مبارک حصول بیداری ضمیر کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُنْتَقِمُ جل جلالہ

بدلہ لینے والا

جو شخص حق پر ہو اور دشمن سے بدلہ لینے کی اس میں طاقت نہ ہو تو وہ تین جمعہ تک بکثرت اس اسم مبارک کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس سے خود انتقام لے گا۔

سَیِّدُنَا حَقٌّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سچے

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے اے لوگو تحقیق تمہارے رب کی طرف سے حق آ گیا اور یہاں حق سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مراد ہیں اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام پاک حق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم حق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 108 مرتبہ پڑھنے والا ہمیشہ خوش رہے گا۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا یَنْبُوْعُ الْھُدٰی علیہ السلام

ہدایت کا سرچشمہ جس کی سیرابی کونین میں ہر سو پھیلی ہے

یہ اسم مبارک حصول کامیابی وکامرانی کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ مِنْھَلُ کَیْنُوْنَۃِ الْعِصْمَۃِ علیہا السلام

عصمت کا شفاف چشمہ

یہ اسم مبارک حصول عزوشرف کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْعَفُوُّ جل جلالہ

معاف کرنے والا

جو شخص اس اسم مبارک کا کثرت سے ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ اپنے فضل سے اس کے تمام صغیرہ و کبیرہ گناہ معاف فرما دے گا۔

سَیِّدُنَا مُبِیْنٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار ظاہر کرنے والے

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتا ہے یہاں تک کہ ان کے پاس آ گیا حق اور ایک ظاہر کرنے والا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ اس جگہ رسول مبین سے مراد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم گرامی مبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم مبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 102 مرتبہ پڑھنے ولا ہر جگہ عزت والا ہو گا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہو گی۔

سَیِّدُنَا ذُرْوَةُ الثِّقَةِ علیہ السلام

اعتماد اور بھروسہ کا مان اپنے کردار کی سب سے بلند مقام کی شخصیت

یہ اسم مبارک حصول پاکیزگی کردار کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ نُزْهَةُ الْكَوْنَيْنِ علیہا السلام

دائمی بہار کی پاکیزگی

یہ اسم مبارک ہمیشہ حصول مسرت و شادمانی کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلرَّؤُفُ جل جلالہ

بہت مہربان

جو شخص دس بار درود شریف پڑھ کر اس اسم مبارک کو دس بار پڑھے گا اس کا غصہ رفع ہو گا۔ اسی طرح اگر کوئی غصہ میں ہو اور دوسرا اس کے سامنے پڑھے اس کا غصہ رفع ہو۔

سَیِّدُنَا اَوَّلُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سب سے پہلے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے میرے نور کو پیدا فرمایا اور میں سب سے پہلے قبر انور سے باہر آؤں گا اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک اول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم اول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 100 مرتبہ پڑھنے سے ہر مقام پر فتح ہوگی۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا غُرَّةُ هُدَى الْاُمَمِ علیہ السلام

کائنات ہستی کی تمام قوموں کیلئے ہدایت و راہنمائی کا سرمایہ

یہ اسم مبارک اولاد کی ہدایت کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ حَمِیْدَةُ الْکَوْنَیْنِ علیہا السلام

کونین کی تعریف کا عنوان

یہ اسم مبارک حصول خیر و برکت کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

مَالِكُ الْمُلْكِ جل جلالہ

سارے جہاں کا بادشاہ

جو شخص اس اسم مبارک کو ہمیشہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ جل جلالہ اسے اپنے فضل و کرم سے غنی فرما دے گا اور لوگوں کے درمیان عزت و بزرگی عطا فرمائے گا۔

سَيِّدُنَا آخِرٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سب کے آخر

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں سب نبیوں سے آخری نبی ہوں اور میرے غلامو! تم سب امتوں سے آخر امت ہو اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام پاک آخر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم آخر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 201 مرتبہ پڑھنے والا دنیا و آخرت میں باعزت ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَيِّدُنَا عِزُّ الْحَرَمِ علیہ السلام

حرم کبریا (حرم مکہ) کی عزتوں کے سب درخشاں ناز

یہ اسم مبارک حصول جاہ و مرتبہ کیلئے 14 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّيِّدَةُ لَنْ يَّجُوْدَ الدَّهْرُ بِمِثْلِهَا علیہا السلام

جود و سخا کی عدیم المثال ذات

یہ اسم مبارک حصول خیر و برکت مال و منال کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ جل جلالہ

بزرگی و بخشش والا

جو شخص اس اسم شریف کا کثرت سے ورد کرے گا اللہ تعالیٰ جل جلالہ اسے غنا اور آسودگی عطا فرمائے گا اور عزت و بزرگی سے نوازے گا۔

سَیِّدُنَا ظَاہِرٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار واضح

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کمالات ظاہرہ کے اعتبار سے ظاہر (واضح) ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انوار نے تمام عالم کو گھیرا ہوا ہے اور تمام عالم کو روشن کیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظہور کی مثل کسی کا ظہور نہیں۔ اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام پاک ظاہر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم ظاہر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 206 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے باطنی علوم حاصل ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا دَآئِمُ التَّوَجُّہِ نَحْوَالْکَمَالِ علیہ السلام

ہر لحظہ ہر ساعت جس کی روح اطہر سوئے کمال محو رہے

یہ اسم مبارک حصول برکات و کمالات کیلئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ اَعْظَمُ النِّسَاءِ بَرَکَۃً علیہا السلام

سب خواتین عالم میں بابرکت

یہ اسم مبارک حصول اولادِ نرینہ کیلئے 2 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُقْسِ

عدل کر

جو شخص کسی مقصد کے لئے اس اسم مبارک ک

پورا ہوگا۔ اور ہمیشہ پڑھنے سے دل شیطانی

سَیِّدُنَا بَا

ہمارے سردا

آپ ﷺ کی حقیقت پوشیدہ ہے جس ک

اسلئے باطنی کمالات کے اعتبار سے آپ ﷺ

اسم باطن ﷺ 62 مرتبہ روزا

بعطائے الٰہی کامیابی حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا رُوحُ الْمَ

محبت و لطافت کی مہکتی پھوار

یہ اسم مبارک گھر میں میاں بیوی اور بچو

اَلسَّیِّدَۃُ جَوْهَرَۃِ الْاِفْ

افتخار انسانی

یہ اسم مبارک حصول ترقی مرتبہ وعہ

اَلْجَامِعُ جل جلالہ

جمع کرنے والا

اس اسم مبارک کا ورد کثرت سے کرنے سے کھوئی ہوئی چیز اور بچھڑے ہوئے عزیز واقارب بازیاب ہوجاتے ہیں۔ اس اسم مبارک کا ورد بڑا موثر ہے۔

سَیِّدُنَا اَوْلٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار بہت قریب

اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے یہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسلمانوں کی جانوں سے زیادہ قریب ہیں مسلمانوں کو اپنی جانوں سے زیادہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے محبت کرنی چاہیے۔ اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام اولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم اولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 155 مرتبہ پڑھنے سے اللہ رسول کا قرب حاصل ہوگا۔ خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب وکامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا وَجِیْھًا عِنْدَ اللّٰہِ علیہ السلام

بارگاہ ذوالجلال میں عزت وسرفرازی کے بہت اونچے مقام پر فائز

یہ اسم مبارک حصول محبت الٰہی کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ نَدْرَۃُ الْغَرَامَۃِ علیہا السلام

ندرت فہم وفراست

یہ اسم مبارک حصول عقل وفہم میں برکت کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْغَنِیُّ جل جلالہ

بے پروا

جوشخص اس اسم مبارک کا 70 مرتبہ روزانہ ورد کرے گا اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس کے مال و دولت میں اس قدر برکت فرمائے گا کہ وہ کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

سَیِّدُنَا اِمَامٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار اور پیشوا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب قیامت کا دن ہوگا۔ میں انبیاء کا امام اور خطیب ہوں گا اس میں کوئی فخر کی بات نہیں ہے اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم شریف امام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم امام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 82 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے عہدہ میں ترقی ہوگی۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا الْمُرْتَفِعُ اِلَی عَالِمِ النُّوْرِ علیہ السلام

وہ کہ جس کی ذات اطہر خاک سے اٹھ کر نور کے عالم میں بہت اونچے مقام تک جا پہنچی

یہ اسم مبارک حصول بلندی درجات اور کاروبار میں برکت کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ بَرَاعَۃُ النُّزْھَۃِ علیہا السلام

پاکیزگی وعفت کا کمال

یہ اسم مبارک حصول پاکیزگی ظاہر و باطن کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمُغْنِیُ جل جلالہ

دولت مند کرنے والا

جو شخص روزانہ اس اسم مبارک کو 1100 مرتبہ پڑھے تو غنائے ظاہر و باطن حاصل ہو۔ اگر بیوی سے صحبت سے پہلے پڑھے تو بیوی کو اس سے بیحد محبت پیدا ہو۔

سَیِّدُنَا اَکْرَمُ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

زیادہ بزرگی والا

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا میں اولین اور آخرین میں سب سے زیادہ بڑھ کر بزرگی والا ہوں اور کوئی فخر نہیں۔ اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم گرامی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

اسم اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 261 مرتبہ پڑھنے سے دنیا و آخرت میں عزت ملے گی خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب و کامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا مُحِطُّ ثِقَةَ الْجَمِیْعِ علیہ السلام

سب کائنات والوں کے دل میں بھروسہ اور اعتماد بن کر دمکتا چاند

یہ اسم مبارک حصول تسخیر کائنات کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ مِفْتَاحُ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ علیہا السلام

رنج و غم سے خلاصی کی کنجی

یہ اسم مبارک حصول خلاصی پریشانی و غم کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْمَانِعُ جل جلالہ

منع کرنے والا

اگر میاں بیوی کے درمیان اختلاف ہو تو بستر پر لیٹتے وقت اس اسم مبارک کو بیس مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ جل جلالہ ان کے اختلاف دور فرمائے گا اور آپس میں انس و محبت پیدا ہوگی۔

سَیِّدُنَا صَادِقٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار سچے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قول و فعل کے اس قدر سچے تھے کہ خوش طبعی کے طور پر بھی کبھی جھوٹ زبان پر نہیں آیا اعلان نبوت سے قبل کفار مکہ اور اطراف کے لوگ صادق اور امین مانتے تھے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک صادق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم صادق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 205 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر طرف شہرت ملے گی۔
اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا نَسَمَۃُ الذَّوْقِ الرَّفِیْعِ علیہ السلام

بہت ہی اعلیٰ بہت ہی برتر ذوق جمال کی لطافتوں سے بھرا ہوا وجود

یہ اسم مبارک حصول مرتبہ بلند کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ مَعْدَنُ فُیُوْضِ الْقُدُسِ علیہا السلام

سرچشمہ فیضان قدس

یہ اسم مبارک حصول فیضان الٰہیہ کیلئے 12 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلضَّآرُّ جل جلالہ

ضرر دینے والا

جس شخص کو ایک حال میں ثبات وقرار میسر نہ ہو وہ اس اسم مبارک کو 100 مرتبہ جمعہ کی شب کو پڑھا کرے اللہ تعالیٰ جل جلالہ اسے ثبات وقرار عطا فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا مُصَدِّقُ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار تصدیق کرنے والے

اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے اور جب تشریف لائے ان کے پاس اللہ کی طرف سے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تصدیق کرنے والے ہیں واسطے ان کتابوں کے جو ان کے پاس ہیں۔ اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام پاک مصدق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم مصدق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 234 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے عزت ومرتبہ زیادہ ہوگا اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا سَمْعَۃُ الْعُلٰی علیہ السلام

بلندی کردار کی تابناک عزت کا آئینہ

یہ اسم مبارک حصول بلندی کردار کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ ثِقَۃُ الْخَیْرِ علیہا السلام

بھلائی کی ثقاہت

یہ اسم مبارک حصول خیر وبرکت کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلنَّافِعُ جل جلالہ

نفع دینے والا

جو شخص ہر کام کی ابتدا میں اکتالیس بار اس اسم مبارک کا ورد کرے گا
کام بخیر وخوبی سرانجام پائیں گے۔ اور نفع ظاہری و باطنی حاصل ہوگا۔

سَیِّدُنَا نَاطِقٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار بولنے والے

اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے کہ وہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوئی بات اپنی خواہش سے
وہ جوان کی طرف جو وحی کی جاتی ہے معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بولنا
لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام ناطق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم ناطق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 100 مرتبہ پڑھنے سے زور بیان میں بر
اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا غَایَةُ الْمَجْدِ علیہ السلام

عزت و سرفراز کے ہر راستے کی آخری منزل

یہ اسم مبارک مقدمہ میں کامیابی و کامرانی کیلئے 4 مرتبہ روزانہ

اَلسَّیِّدَةُ رِقَّةُ الْفُوَائِدِ علیہا السلام

دلوں کا سوز و گداز

یہ اسم مبارک حصول سوز و گداز قلب کیلئے 4 مرتبہ روزانہ پڑ

اَلنُّوْرُ جل جلالہ

روشنی والا

جو شخص اس اسم مبارک کی کثرت کرے گا اس کا دل اور اعضاء نور ایم
گے۔ اور اس کا نام جہاں میں روشن ہوگا۔

سَیِّدُنَا صَاحِبٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار ساتھ رہنے والے

اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے تمہارے صاحب نہ بھکے نہ بے راہ چلے (س
آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب کے صاحب ہیں اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک صاح
اسم صاحب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 101 مرتبہ پڑھنے والا ہر جگہ عزیز ہو
اللہ رب العزت کی عطا سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا بَشَرِ لَمْ یَاْتِ الدَّھْرَ بِمِثْلِہٖ علی

وہ بشر کہ جس کے فخر و ناز کی رعنائیوں کا ہمسر کوئی اور نہیں
یہ اسم مبارک حصول تندرسی ہر مرض کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑ

اَلسَّیِّدَۃُ اُمَیْنَۃَ علیہا السلام

مالکہ امن

یہ اسم مبارک حصول امن و امان ملک کیلئے 6 مرتبہ روزانہ پ

اَلْهَادِیُ جل جلالہ

راہ دکھانے والا

جو شخص اس اسم مبارک کا کثرت سے ورد کرے اللہ تعالیٰ جل جلالہ اسے فسق و فجور سے نکال کر کامل ہدایت نصیب فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا مَکِّیٌّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار مکہ والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ شریف میں پیدا ہوئے 53 سال اس شہر مبارک میں قیام پذیر رہے اور فرمایا کہ میں مکہ کا باشندہ ہوں اسلئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک مکی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم مکی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 70 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دل کی سختی دور ہوگی۔

خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب و کامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا بَهْجَةُ تَسْخِیْرِ الْعَالَمِ علیہ السلام

تسخیر کائنات کی روشن قوتوں سے کھلا ہوا وجود

یہ اسم مبارک حصول تسخیر کائنات کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَةُ جَنَّةُ الْعِرْفَانِ علیہا السلام

جنت عرفان کی سردار

یہ اسم مبارک حصول برکات کھیتی وزراعت کیلئے 3 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْبَدِیْعُ جل جلالہ

نیا پیدا کرنے والا

جو شخص اس اسم مبارک کا ستر ہزار مرتبہ ورد کرے گا اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی اور اللہ تعالیٰ جل جلالہ تمام مصائب دور فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا شَکُوْرٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار شکر کرنے والے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک موقع پر فرمایا، تو کیا میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بندہ نہ بنوں۔ اسی حدیث سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام پاک شکور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم لیا گیا ہے۔

اسم شکور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 225 مرتبہ پڑھنے سے عبادت میں لطف حاصل ہوگا۔ خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب وکامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا اَزْکٰی نُفُوْسِ الْکَوْنِ علیہ السلام

تمام جہانوں میں سب سے بڑھ کر پاکیزہ ہستی

یہ اسم مبارک حصول پاکیزگی کردار کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ بَرَاعَۃُ الْاِسْتِقَامَۃِ علیہا السلام

استقامت کا کمال

یہ اسم مبرک حصول استقامت ایمان کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْبَاقِیْ جل جلالہٗ

ہمیشہ رہنے والا

جو شخص جمعہ کی شب بعد نماز عشاء اس اسم مبارک کا 100 مرتبہ ورد کرے گا اس کے تمام اعمال قبول ہوں گے اور ضرر و نقصان سے نجات پائے گا۔

سَیِّدُنَا قَرِیْبٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار نزدیک

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہیں اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے۔ پھر نزدیک ہوئے تو بہت نزدیک ہوئے کہ دو کمانوں سے بھی نزدیک۔ اسی بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک قریب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم قریب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 330 مرتبہ پڑھنے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قرب حاصل ہوگا۔ خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب و کامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا الزَّوْجُ الْوَفِیُّ الْکَرِیْمِ علیہ السلام

وہ شوہر تابدار جس کی وفاؤں کا پرچم آسمان کی بلندی پر لہراتا رہا

یہ اسم مبارک میاں بیوی میں حصول پیار و محبت کیلئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ بَدِیْعَۃُ خِصَالِ الْکَرَمِ علیہا السلام

بخششوں کے خصائل کی موجد

یہ اسم مبارک حصول خصائل حمیدہ کیلئے 3 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلْوَارِثُ جل جلالہ

مالک

جو شخص اس اسم مبارک کو سورج نکلنے کے بعد 100 مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے تمام رنج و غم دور فرمائے گا۔

سَیِّدُنَا مُنِیْبٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار رجوع کرنے والے

لفظ منیب قرآن پاک میں کئی مقامات پر آیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے بے شک اس میں نشانی ہے ہر رجوع کرنے والے بندے کیلئے چونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والے ہیں اسی لئے اسم پاک منیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اسم منیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 102 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر کام میں برکت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہوگی۔

سَیِّدُنَا نَضْرَۃُ رِیَاضِ الصَّائِلَۃِ علیہ السلام

اپنے گھرانے اور قبیلے کے گلشن زیست کی تر و تازگی

یہ اسم مبارک گھر میں برکت اور خوشی کے حصول کے لئے 7 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ نَجِیْبَۃُ السُّلُوْكِ علیہا السلام

عمدہ روش میں ممیز و ممتاز

یہ اسم مبارک اچھی عادات کے حصول کیلئے 9 مرتبہ روزانہ پڑھیں

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا
آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبد اللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ★ آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبد اللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَلرَّشِیْدُ جل جلالہ

راہنما

جو شخص اپنے کام کی تدبیر نہ جانے اس اسم مبارک کو بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ پڑھے جو کچھ ٹھیک تدبیر ہوگی اس پر ظاہر ہو جائے گا۔

سَیِّدُنَا طٰسٓ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار طٰسٓ حروف مقطعات

اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی اس کے مفہوم سے آگاہ ہیں مواہب لدنیہ میں یہ نام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمائے مبارکہ میں ہے۔

اسم **طٰسٓ** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 69 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ظاہری و باطنی برکت حاصل ہوگی۔ خداوند قدوس کے کرم سے کامیاب و کامران ہوگا۔

سَیِّدُنَا ذُوْ قُدْرَۃٍ ھَائِلَۃٍ علیہ السلام

ہمت وقدرت اور تاب وتواں کے مچلتے طوفانوں کی انگڑائی

یہ اسم مبارک حصول ہمت وحوصلہ کیلئے 10 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ مَھْبَطُ الْبَشَائِرِ الْقُدْسِیَّہ علیہا السلام

ملکی بشارتوں کی نزول گاہ

یہ اسم مبارک حصول خوشخبری کیلئے 8 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلصَّبُوْرُ جل جلالہ

بڑے تحمل والا

جو شخص درد و رنج یا مصیبتوں میں مبتلا ہو تین ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد شروع کرے چند دنوں میں اطمینان حاصل ہو جائے گا۔

سَیِّدُنَا حٰمٓ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار حٰمٓ

قرآن مجید کی ایک سو چودہ 114 سورتوں میں 29 سورتوں کے شروع میں جو حروف آئے ہیں ان کو حروف مقطعات کہا جاتا ہے یہ ایسے رموز ہیں کہ ان پر کسی کو مطلع نہیں کیا گیا ہے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں۔

اسم حٰمٓ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے پوشیدہ باتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد حاصل ہو گی۔

سَیِّدُنَا فَرْجُ الْھِمَّۃِ علیہ السلام

عزم و ہمت اور بلند ارادوں کی فراخ دستی و کشادہ پیمائی

یہ اسم مبارک بڑے بڑے کاموں میں کامیابی و کامرانی کیلئے 3 مرتبہ روزانہ پڑھیں

اَلسَّیِّدَۃُ رَبِیْعَۃُ حَیَاۃِ الْاَبَدِ علیہا السلام

حیات ابدی کی بہار

یہ اسم مبارک حصول مسرت و شادمانی کیلئے 5 مرتبہ روزانہ پڑھیں

روزنامہ نوائے وقت کی یہ خبر جو تاریخ (ہفتہ 11 صفر المظفر 1398ھ 21 جنوری 1978ء، ماگھ 2024ب) کو شائع ہوئی۔

چودہ سو برس بعد حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما کا جسدِ مبارک قبر سے صحیح حالت میں برآمد ہوا۔ سات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جسد مبارک بھی اصل حالت میں تھے۔

کراچی، 20 جنوری (ج ک) یہاں پہنچنے والی ایک اطلاع کے مطابق مدینہ میں مسجد نبوی کی توسیع کے سلسلے میں کی جانے والی کھدائی کے دوران حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد حضرت سیدنا عبداللہ علیہ السلام بن عبدالمطلب کا جسد مبارک جس کو دفن کئے چودہ سو سال سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے بالکل صحیح اور سالم حالت میں برآمد ہوا۔ علاوہ ازیں صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت سیدنا مالک بن سونائی رضی اللہ عنہ کے علاوہ دیگر چھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جسد مبارک بھی اصل حالت میں پائے گئے جنہیں جنت البقیع میں نہایت عزت اور احترام کے ساتھ دفنا دیا گیا۔ جن لوگوں نے یہ منظر اپنی آنکھوں سے دیکھا ان کا کہنا ہے کہ مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جسم نہایت تر و تازہ اور اصلی حالت میں تھے۔

مقام ابواء شریف اور مزارِ پُرانوار حضرت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

ابواء شریف یہ مقام مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ کے درمیان ہے۔ قدیم شاہراہ جو مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ جاتی ہے اس پر ایک گاؤں مستورہ کے نام سے آتا ہے جس جگہ ہوٹل اور قہوہ خانے ہیں۔ آنے جانے والی بسیں اور کاریں یہاں رکتی ہیں۔ مسافر حضرات چائے پانی پیتے ہیں۔ کھانا کھاتے ہیں۔ یہاں سے مدینہ طیبہ جاتے ہوئے دائیں طرف چند میل کے فاصلہ پر ''ابواء شریف'' نام کی بستی ہے۔ بستی سے باہر ایک اونچا ٹیلہ ہے۔ اردگرد جھاڑیاں اور کیکر کے درخت ہیں۔ اس ٹیلہ پر حضرت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کا مزار پرانوار ہے۔ مزار شریف کی کیفیت یہ ہے کہ کالے پتھر توڑ کر ایک جگہ ڈھیر سا لگا دیا گیا ہے۔ اس کے اردگرد چار دیواری ہے جو انہیں کالے پتھروں کو جوڑ کر بنا دی گئی ہے

مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

ان کے مولیٰ کے ان پر کروڑوں درود
ان کے اصحاب وعترت رضی اللہ عنہم پہ لاکھوں سلام

سیدہ زاہرہ طیبّہ طاہرہ رضی اللہ عنہا
جانِ احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی راحت پہ لاکھوں سلام

اُس شہیدِ بلا شاہ گلگوں قبا
بیکس دشتِ غربت پہ لاکھوں سلام

بنتِ صدیق رضی اللہ عنہما آرامِ جان نبی (صلی اللہ علیہ وسلم)
اُس حریمِ برأت پہ لاکھوں سلام

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ شیرِخدا سبحانہ وتعالیٰ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم
ان کی عظمت و جرأت پہ لاکھوں سلام

غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ امام التُّقیٰ و النُّقیٰ
جلوۂ شانِ قدرت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضاؔ
مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

کلام: امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ

آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

منقبت سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

واہ رُتبہ تِرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا
نور ہے آپ کا لعل تِرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

کب کسی کے مقدر میں ہے وہ ہوا
آپ کو جو ملا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

ساری توحید ہے تیری آغوش میں
مومنہ مسلمہ سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

کس کو ایمان ہے اُن سے بڑھ کر ملا
گھر ہے ایمان کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

آپ مالک ہیں کوثر کی فردوس کی
نور حق کی ضیاء سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

سارے نبیوں کا سلطان و سردار ہے
آپ کا لاڈلا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

آپ ملکہ ہیں حورانِ فردوس کی
آپ پر ہم فدا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

سب فرشتوں کی جھکتی جبیں ہے جہاں
وہ ہے حجرہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

از ازل تا ابد پاک ہی پاک ہے
سب گھرانہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

اپنے محتاج صائمؔ پہ بہرِ خدا
ہو نگاہِ عطا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

علامہ صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ★ آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا

منقبت سیدنا عبداللہ علیہ السلام (والد کریم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

آپ علیہ السلام عالی نسب ، پارسا ، باصفا
انتخاب خداوند جود و سخا
مہ جبیں، دلنشیں، خوش ادا، خوش لقا
آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا
آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آپ علیہ السلام سخیوں کے داتا ہیں شاہوں کے شاہ
آپ علیہ السلام ذی قدر، ذی جاہ، عالم پناہ
آپ علیہ السلام کی عظمتوں پر زمانے گواہ
آپ علیہ السلام کی رفعتیں ہیں بیاں سے ورا
آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نور احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جبیں میں جو تھا ضوفشاں
بھیجتے تھے سلام آپ پر بے گماں
کوہ اشجار، چشمے، زمیں آسماں
آپ علیہ السلام کی عظمتوں پر جہاں ہے فدا
آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آپ علیہ السلام دو جگ کی آنکھوں کا تارا بنے
آپ علیہ السلام ہر خیرو خوبی میں یکتا رہے
آپ علیہ السلام کی جاں پہ سواونٹ قرباں ہوئے
آپ علیہ السلام کا بول بالا رہے گا سدا
آپ عبداللہ علیہ السلام ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اپنے نور نظر کے حجور اے شہا! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کیجئے پُر خطا کی سفارش ذرا
انورؔ بے نوا پر اک نگاہ عطا
اور بالا کرے رتبہ حق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا
آپ عبداللہ علیہ السلام ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ★ آپ علیہ السلام اشرافِ عالم کے ہیں پیشوا ★ آپ علیہ السلام عبداللہ ہیں والدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ واہ رُتبہ تیرا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا ★ نور ہے آپ کا سیدہ آمنہ سلام اللہ علیہا